★ حق کی آواز، عوامی ترجمان ★

E PAPER DAILY VOICE OF ASIA LAHORE

چیف ایڈیٹر ذیشان جمیل بھٹی

بانی: محمد جمیل بھٹی (مرحوم)

چیف ایگزیکٹو: محمد طفیل ٹیپو

روزنامہ

وائس آف ایشیا

ڈپٹی ایڈیٹر تجمل عباس بھٹی

ڈپٹی نیوز ایڈیٹر ارشاد احمد شاد

جلد نمبر 01 | بدھ 04 نومبر 2026ء، 21 کاتک، 23 جمادی الاول 1448ء، صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 238

آئی ایم ایف کا شارٹ فال پر اظہار تشویش

ہنگامی ٹیکس اقدامات کی تجویز

۔آئی ایم ایف نے 15 ہزار 264 ارب روپے کا سالانہ ٹیکس وصولی کا ہدف پورا کرنے پر زور دیا ہے، جبکہ موجودہ ٹیکس محاصل کو ناکافی قرار دیتے ہوئے ٹیکس ٹو جی ڈی پی کی شرح بڑھانے کا مطالبہ کیا ہے

اگر ٹیکس شارٹ فال میں مزید اضافہ ہوا تو عوام پر نئے ٹیکس عائد کرنے یا سرکاری اخراجات میں کٹوتی کا آپشن زیرِ غور آ سکتا ہے۔ اگلے اقتصادی جائزوں میں ٹیکس وصولی سے متعلق شرائط مزید سخت ہونے کا امکان ہے، ایف بی آر

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) آئی ایم ایف نے ٹیکس ریونیو میں کمی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے شارٹ فال پورا کرنے کے لیے ہنگامی ٹیکس اقدامات کی تجویز دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق عالمی مالیاتی ادارے نے اکتوبر میں 129 ارب روپے اور 4 ماہ کے دوران 96 ارب روپے کے ٹیکس شارٹ فال پر تشویش ظاہر کی ہے۔ آئی ایم ایف نے 15 ہزار 264 ارب روپے کا سالانہ ٹیکس وصولی کا ہدف پورا کرنے پر زور دیا ہے، جبکہ موجودہ ٹیکس محاصل کو ناکافی قرار دیتے ہوئے ٹیکس ٹو جی ڈی پی کی شرح بڑھانے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایف بی آر ذرائع کا کہنا ہے کہ اگر ٹیکس شارٹ فال میں مزید اضافہ ہوا تو عوام پر نئے ٹیکس عائد کرنے یا سرکاری اخراجات میں کٹوتی کا آپشن زیرِ غور آ سکتا ہے۔ اگلے اقتصادی جائزوں میں ٹیکس وصولی سے متعلق شرائط مزید سخت ہونے کا امکان ہے، جبکہ اہداف پورے نہ ہونے کی صورت میں ہنگامی ٹیکس اقدامات پر بات چیت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق وفاق اور صوبائی سطح پر جنرل سیلز ٹیکس کی مد میں محاصل بڑھانا ضروری قرار دیا گیا ہے۔ آئی ایم ایف اگلے مالی سال کے لیے ریونیو سے متعلق

باقی صفحہ 3 بقیہ 17

کرپٹ حکومت میں وزیر بن کر کیوں بیٹھے ہو، مریم نواز کا چوہدری سالک کو ہرجانے کا نوٹس بھیجنے کا اعلان

چوہدری سالک وفاقی وزیر ہیں، الزام لگانے کے بجائے ثبوت پیش کریں، ورنہ عدالت میں لے کر جاؤں گی



لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے چوہدری سالک کو ہرجانے کا نوٹس بھیجنے کا اعلان کیا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ 16

حکومت کا پیٹرول کی قیمت میں کمی کا اعلان

پیٹرول فی لیٹر 5 روپے 45 پیسے سستا

نوٹیفکیشن جاری

اوگرا کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق نئی قیمتوں کا اطلاق 4 نومبر 2026 کے لیے ہوگا، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے 68 پیسے فی لیٹر اضافہ کردیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں ہائی اسپیڈ ڈیزل کی نئی قیمت 395 روپے 20 پیسے فی لیٹر ہوگئی ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے پیٹرول کی قیمت میں کمی جبکہ ڈیزل کی قیمت میں اضافہ کردیا، آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کی جانب سے نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا۔ اوگرا کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے حوالے سے جاری کیے گئے طریقہ کار کی بنیاد پر قیمتوں میں ردوبدل کردیا گیا ہے۔ حکومت نے پیٹرول فی لیٹر 5 روپے 45 پیسے سستا کرتے ہوئے فی لیٹر قیمت 369 روپے 6 پیسے مقرر کی ہے جبکہ گزشتہ روز پیٹرول کی قیمت 374 روپے 51 پیسے مقرر کی گئی تھی۔ اوگرا کے نوٹیفکیشن کے مطابق ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے 68 پیسے فی لیٹر اضافہ کردیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں ہائی اسپیڈ ڈیزل کی نئی قیمت 395 روپے 20 پیسے فی لیٹر ہوگئی ہے۔ حکومت نے گزشتہ روز ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 391 روپے 52 پیسے مقرر کی تھی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اطلاق 4 نومبر 2026 کے لیے ہوگا۔

غیر تسلی بخش صفائی پر سالڈ ویسٹ کمپنیاں ختم، لاہور، فیصل آباد، گوجرانوالہ، ملتان اور ڈی جی خان میں سیلف آپریشن کا فیصلہ

ہر ضلع میں ہیومن ریسورس اور مشینری پوری کرنے کا ٹارگٹ مقرر، ہر ڈپٹی کمشنرز سے درکار مشینری کی ڈیمانڈ، سیلف آپریشن سے ہونیوالی بچت کا حتمی ریکارڈ طلب

ورکرز کی تنخواہ کی بروقت ادائیگی یقینی بنانے، مرکزی سڑکوں کی روزانہ دھلائی کا حکم، روڈز پر کوڑا کرکٹ پھینکنے پر جرمانہ عائد کیا جائے، مریم نواز کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صفائی کی صورتحال میں 100 فیصد بہتری لانے کیلئے 15 دن کا ٹاسک دے دیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز کی زیرِ صدارت خصوصی اجلاس میں ستھرا پنجاب کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں غیر تسلی بخش صفائی پر سالڈ ویسٹ کمپنیاں ختم کرنے پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر لاہور، فیصل آباد، گوجرانوالہ، ملتان اور ڈیرہ غازی خان میں سیلف آپریشن کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ مریم نواز نے صوبہ بھر میں روڈز پر گرد و غبار نظر آنے پر تشویش کا اظہار کیا اور مرکزی سڑکوں کی روزانہ دھلائی کا حکم دیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے صفائی کے بعد روڈز پر کوڑا کرکٹ پھینکنے پر جرمانہ عائد کرنے کی ہدایت کی اور مارکیٹوں، بازاروں، سبزی، فروٹ اور غلہ منڈی میں کوڑا کرکٹ پھینکنے پر جرمانہ عائد کرنے کیلئے اقدامات کا حکم دیا۔ اجلاس میں ہر ڈسٹرکٹ میں ہیومن ریسورس اور مشینری پوری کرنے کا ٹارگٹ مقرر کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر متبادل دن گاں کی صفائی یقینی بنانے کی ہدایت۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کو فیلڈ مانیٹرنگ افسروں سے ہفتہ وار ملاقات کا حکم دیا اور ایف ایم اوز کی کارکردگی جانچنے کے لئے "کے پی آئی" مقرر کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے

باقی صفحہ 3 بقیہ 9

معاشی استحکام کیلئے برآمدات میں اضافہ اور سرمایہ کاری کا فروغ ناگزیر ہے، وزیر خزانہ

پاکستان کو ایسی مالیاتی جدت چاہیے، جو کاروباری لاگت کم کرے اور زیادہ افراد کو باضابطہ معیشت کا حصہ بنائے

ڈیجیٹل اثاثوں کو مالیاتی نظام میں جگہ، حقیقی معاشی فوائد اور کاروباری آسانی کی بنیاد پر ملنی چاہیے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کا معاشی استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب سفر جاری ہے، مالیاتی نظم و ضبط، برآمدات میں اضافے اور نجی سرمایہ کاری کا فروغ ناگزیر ہے۔ پاکستان فنٹیک ایسوسی ایشن کی تقریب سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ پاکستان کو ایسی مالیاتی جدت چاہیے، جو کاروباری لاگت کم کرے اور زیادہ افراد کو باضابطہ معیشت کا حصہ بنائے، ڈیجیٹل اثاثوں کو مالیاتی نظام میں جگہ، حقیقی معاشی فوائد اور کاروباری آسانی کی بنیاد پر ملنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا سفر معاشی استحکام سے، پائیدار ترقی کی جانب جاری ہے، مالیاتی نظم و ضبط، برآمدات میں اضافے اور نجی سرمایہ کاری کا فروغ ناگزیر ہے، ڈیجیٹل جدت، مالیاتی نظام کو زیادہ افراد تک پہنچانے اور کاروباری خدمات میں مؤثر معاون ہونی چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلاک چین نیٹ ورکس پر ادارہ جاتی صارفین کے لیے ڈپازٹ ٹوکنز کا استعمال ڈیجیٹل مالیاتی جدت کی عملی مثال ہے۔ بینک فار انٹرنیشنل سیٹلمنٹس کا پراجیکٹ اگورا، ٹوکنائزڈ بینک ڈپازٹس کا جائزہ لے رہا ہے۔ مرکزی بینک، ذخائر کے ذریعے سرحد پار ادائیگیوں کے امکانات کا جائزہ لے رہا ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ ڈیجیٹل

باقی صفحہ 3 بقیہ 12

مذاکرات کا جواب دے دیا، جنگ روکنے کی ذمہ داری اب امریکا پر ہے، محمد باقر قالیباف

ایران جنگ کے لیے بھی تیار ہے اور اس نے اپنی انگلی ٹریگر پر رکھی ہوئی ہے، چیف مذاکرات کار



تہران (وائس آف ایشیا) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر اور امریکا کے ساتھ مذاکرات میں ایران کے چیف مذاکرات کار محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ جنگ روکنے کے لیے اب فیصلہ واشنگٹن کو کرنا ہے۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق قالیباف نے ٹیلی ویژن پر نشر ہونے والی تقریر میں کہا کہ خطے کے ممالک کو معلوم ہونا چاہیے کہ

باقی صفحہ 3 بقیہ 15

ایم کیو ایم والے کان کھول کر سن لیں، شاہراہ فیصل پر جلسے کی اجازت ہرگز نہیں ہوگی، شرجیل میمن

ایم کیو ایم کو 12 مئی جیسے واقعات دہرانے نہیں دیں گے، سینئر صوبائی وزیر کی پریس کانفرنس



کراچی (ڈپٹی بیورو چیف) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم والے کان کھول کر سن لیں، شاہراہ فیصل پر جلسے کی اجازت ہرگز نہیں ہوگی۔ کراچی میں سندھ کابینہ اجلاس کے بعد بریفنگ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کسی بھی سیاسی جماعت کو جلسہ کرنا ہے تو باقاعدہ اجازت حاصل کرکے

باقی صفحہ 3 بقیہ 8

وزیراعظم کی زیرِ صدارت اعلیٰ سطح کا اجلاس، فیلڈ مارشل بھی شریک، خیبر پختونخوا کی صورتحال پر غور

اجلاس میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور گورنر خیبر پختونخوا بھی شریک ہیں، وزیراعظم نے جناح میڈیکل کمپلیکس کی تعمیر پر پیش رفت کو تسلی بخش قرار دیا

اچھ الیون میں جناح میڈیکل اینڈ ریسرچ سینٹر کے فیز ٹو منصوبے پر نظر ثانی شدہ ڈیزائن کے تحت قومی سطح پر مسابقتی بڈنگ کا عمل شروع کر دیا گیا ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے زیرِ صدارت اعلیٰ سطح کا اہم اجلاس ہوا۔ رپورٹ کے مطابق اجلاس میں کے پی کے کی صورتحال پر غور کیا جا رہا ہے، اجلاس میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور گورنر خیبر پختونخوا بھی شریک ہیں۔ قبل ازیں وزیراعظم کی زیرِ صدارت اسلام آباد میں زیرِ تعمیر بین الاقوامی معیار کے اسپتال، جناح میڈیکل کمپلیکس کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا۔ وزیراعظم نے جناح میڈیکل کمپلیکس کی تعمیر پر پیش رفت کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے کہا کہ معینہ مدت میں اہداف کا حصول یقینی بنایا جائے اور تمام تر تقرریاں میرٹ پر شفاف طریقے سے کی

باقی صفحہ 3 بقیہ 14

برطانوی شراکت داری سے پاکستانیوں کے لیے تعلیم حاصل کرنے کے مزید مواقع

یونیورسٹیوں میں مکمل مالی معاونت کے ساتھ ماسٹرز ڈگریاں حاصل کرنے کا موقع ملے گا



اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیوننگ (Chevening) اور الائیڈ بینک نے برطانیہ کی ممتاز یونیورسٹیوں میں مکمل مالی معاونت والی ماسٹرز ڈگریاں فراہم کرنے کے لیے ہاتھ ملا لیا ہے۔ برطانوی حکومت کے چیوننگ پروگرام اور الائیڈ بینک لمیٹڈ نے ایک نئی

باقی صفحہ 3 بقیہ 10

ریاست کو نقصان پہنچانے والا کوئی بھی عمل بہتری کے لیے نہیں ہوسکتا، وزیراعظم آزاد کشمیر

چند لوگوں کی وجہ سے ہم اپنی آنے والی نسل کا نقصان کیوں کر رہے ہیں؟ بیرسٹر افتخار گیلانی کا راولاکوٹ کا دورہ

کشمیر میں گورننس کا کوئی بھی مسئلہ اس حد تک سنگین نہیں کہ اس کے لیے امن و امان خراب کیا جائے، بیرسٹر افتخار گیلانی

راولاکوٹ (وائس آف ایشیا) وزیراعظم آزاد کشمیر بیرسٹر افتخار گیلانی نے کہا کہ راولاکوٹ میں نقل و حرکت متاثر ہونے کے باعث تعلیمی نظام شدید متاثر اور مریضوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے چند لوگوں کی وجہ سے ہم اپنی آنے والی نسل کا نقصان کیوں کر رہے ہیں؟ یہ بات انہوں نے راولاکوٹ میں میڈیا کے نمائندگان سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے راولاکوٹ کے مسائل کے عملی حل اور زمینی حقائق کا جائزہ لینے کے لیے وہاں کا دورہ کیا۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے میڈیا نمائندگان سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ راولاکوٹ کے عوام نے تحریکِ آزادیٔ کشمیر کی تاریخ

باقی صفحہ 3 بقیہ 7

مکہ مکرمہ پر ڈرون حملہ، سعودی اتحاد نے فضا میں ہی تباہ کرنے کا دعویٰ کردیا

سعودی عرب کو حالیہ عرصے میں متعدد مرتبہ حملوں کی لہروں کا سامنا کرنا پڑا ہے

مکہ مکرمہ (وائس آف ایشیا) یمن کے حوثیوں کے خلاف کارروائی کرنے والے سعودی قیادت میں قائم اتحاد نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے مکہ کے علاقے میں ایک ڈرون کو روک کر تباہ کردیا ہے۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق اتحاد کے ترجمان ترکی المالکی نے سوشل میڈیا

باقی صفحہ 3 بقیہ 13

وزیراعظم کا آئی کیو نیوٹن کے آئی کیو کے قریب ہے، حذیفہ رحمان

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف کے معاون خصوصی حذیفہ رحمان نے وزیراعظم

باقی صفحہ 3 بقیہ 11

امریکا کے آبنائے ہرمز میں ایرانی جزیرے قشم پر حملے، دفاعی کارروائی قرار دیدیا

واشنگٹن (وائس آف ایشیا) امریکا نے آبنائے ہرمز میں واقع ایران کے جزیرہ قشم پر حملے کیے ہیں۔ امریکی

باقی صفحہ 3 بقیہ 6

پی ٹی آئی رہنما کی بھتیجی کی شادی میں جنرل (ر) قمر باجوہ کی شرکت، رہنماؤں سے ملاقات

شیری رحمٰن، نیئر بخاری، پرویز خٹک، فواد چوہدری، اسد عمر، عمران اسماعیل نے بھی شادی کی تقریب میں شرکت کی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رکن اسمبلی عاطف خان کی بھتیجی کی شادی میں جنرل (ر) قمر باجوہ نے شرکت کی جب کہ پی ٹی آئی رہنماؤں کے ساتھ سابق آرمی چیف کی ملاقات کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ رپورٹ کے مطابق

باقی صفحہ 3 بقیہ 5

ایرانی 7 نکاتی تجویز پر آئندہ چند روز میں عملدرآمد کا امکان ہے، اسماعیل بقائی

کسی بھی معاہدے اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کیلئے امریکی بحری ناکہ بندی کا خاتمہ اور ایرانی مطالبات کی منظوری ضروری ہے

اسرائیلی حکام کیخلاف کارروائی پر عالمی فوجداری عدالت کو امریکہ کی طرف سے شدید دباؤ کا سامنا، ترجمان ایرانی وزارت خارجہ

تہران (وائس آف ایشیا) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی کا کہنا ہے کہ امریکا کے ساتھ مذاکرات کی بنیاد ایرانی 7 نکاتی تجویز ہے، گیند امریکہ کے کورٹ میں ہے۔ تہران میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ترجمان ایرانی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ آئندہ چند روز میں ایرانی 7 نکاتی تجویز پر عمل درآمد کا امکان موجود ہے۔ انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اب گیند امریکہ کے کورٹ میں ہے اور ایران کے مطالبات بالکل واضح اور منطقی ہیں۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ کسی بھی معاہدے اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے امریکی بحری ناکہ بندی کا خاتمہ اور ایران کے مطالبات کی منظوری ضروری ہے۔ اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ اسرائیلی حکام کے خلاف اپنے قانونی ضابطوں کے مطابق کارروائی کرنے پر عالمی فوجداری عدالت (آئی سی سی) کو امریکہ کی جانب سے شدید دبا کا سامنا

باقی صفحہ 3 بقیہ 4

ترقی پذیر ممالک کو عالمی مالیاتی نظام میں یکساں مواقع دینا ہوں گے، مصدق ملک

منصفانہ اور متوازن عالمی مالیاتی نظام وقت کی اہم ضرورت ہے، جس کے بغیر پائیدار ترقی کا خواب پورا نہیں ہوسکتا

غریب ممالک پر قرضوں کا غیر منصفانہ بوجھ، عالمی بینک اور آئی ایم ایف کو پالیسیوں پر نظرثانی کرنا ہوگی، خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر مصدق ملک نے کہا ہے کہ ترقی پذیر ممالک کو عالمی مالیاتی نظام میں ترقی پذیر ممالک کے مسائل کا حل ممکن نہیں۔ وفاقی دارالحکومت میں ایس ڈی پی آئی کانفرنس سے خطاب سے گفتگو کرتے ہوئے مصدق ملک کا کہنا تھا کہ ایک نئے، منصفانہ اور متوازن عالمی مالیاتی نظام کی ضرورت ہے، جس کے بغیر پائیدار ترقی کا خواب پورا نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ ترقی پذیر ممالک موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں جب کہ غریب ممالک پر قرضوں کا غیر منصفانہ بوجھ ڈالا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر کا مزید کہنا تھا کہ عالمی مالیاتی نظام میں اصلاحات اب ناگزیر ہو چکی ہیں۔ مصدق ملک نے زور دیا کہ عالمی بینک اور آئی ایم ایف کو اپنی پالیسیوں پر نظرثانی کرنا ہوگی تاکہ ترقی پذیر اور غریب ممالک کو درپیش معاشی مشکلات کا ازالہ کیا جاسکے۔



خواجہ حبیب الرحمٰن کو اٹھارہ سال بعد ہونے والے پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے انتخابات میں کلین سویپ کرنے پر اور سینئر وائس چیئرمین پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن بننے پر بہت بہت مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ خواجہ ضیا الرحمٰن اور خواجہ حبیب الرحمٰن کو ایگزیکٹیو ممبر FPCCI بننے پر بہت بہت مبارک باد پیش کرتے ہیں، حاجی محمد طفیل ٹیپو وائس چیئرمین وائس آف ایشیا نیوز۔

سالک حسین جس تھالی میں کھا رہے ہیں اسی میں چھید نہ کریں، عظمیٰ بخاری

پنجاب میں قبضہ مافیا اور رسہ گیروں کا رستہ اب بند، پسند ناپسند، سفارش اور سیاسی وابستگی کی بنیاد پر فیصلوں کا کلچر ختم کر دیا گیا

بجٹ کو شفاف طریقے سے چھوٹے شہروں تک منتقل کیا، اپنی مرضی کا ایک ڈی سی نہ لگنے پر اتنا غصہ جائز نہیں، وزیر اطلاعات

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے سالک حسین کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ اپنی مرضی کا ایک ڈپٹی کمشنر تعینات نہ ہونے پر اتنا غصہ مناسب نہیں، وزیر اعلیٰ مریم نواز کسی کے کہنے پر ڈپٹی کمشنر تعینات نہیں کرتیں بلکہ میرٹ اور حکومتی پالیسی کے مطابق فیصلے کرتی ہیں، مریم نواز نے پنجاب میں پسند ناپسند اور سفارش کی بنیاد پر فیصلوں کا کلچر ہمیشہ کے لیے ختم کر دیا ہے۔ انہوں نے اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں قبضہ مافیا اور رسہ گیروں کے لیے اب کوئی گنجائش نہیں۔ سفارشوں کے ذریعے ڈیرے کے ملازمین کو سرکاری عہدوں پر نواز نے

باقی صفحہ 3 بقیہ 3



مسلم لیگ ن کے رہنما سابق ایم پی اے اختر حسین بادشاہ مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں۔

پاکستان چین اسٹریٹجک تعاون، باہمی شراکت داری اعتماد اور تعاون پر قائم ہے، اسحاق ڈار

چائنا کمیونسٹ پارٹی کا عوام سے جڑے رہنے کا ماڈل قابل تقلید، چین کی ترقی میں جماعت سازی اور خود احتسابی کا اہم کردار ہے

آج کے چین کو سمجھنے کیلئے چینی کمیونسٹ پارٹی کو سمجھنا ضروری، نظام حکمرانی کے پیچھے مضبوط سیاسی جماعت موجود ہے، خطاب

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ چائنا کمیونسٹ پارٹی کا عوام سے جڑے رہنے کا ماڈل قابل تقلید ہے، چین کی ترقی میں جماعت سازی اور خود احتسابی کا اہم کردار ہے۔ چین کی کمیونسٹ پارٹی کے وزیر لیو ہائی شنگ کے ہمراہ خطاب کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ دورہ پاکستان پر چینی وزیر کا خیر مقدم کرتے ہیں، چینی صدر شی جن پنگ کی بصیرت افروز قیادت کو سراہتے ہیں، پاکستان اور چین سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ چینی کمیونسٹ پارٹی اپنی تاسیس کی 105 ویں سالگرہ منا رہی ہے، صدر شی کی زیرِ قیادت چین نے عوام دوست حکمرانی کے ذریعے قومی احیا کا سفر طے کیا، پاکستان اور چین نے مشرق وسطیٰ میں امن کی بحالی کے لیے فائیو پوائنٹ پیس انیشی ایٹو کا آغاز کیا۔ نائب وزیراعظم نے مزید کہا کہ چین پاکستان سیاسی

باقی صفحہ 3 بقیہ 2

صحافیوں کیخلاف جرائم پر خاموشی انصاف کی آواز دبانے کے مترادف ہے، بلاول بھٹو

جرائم میں ملوث عناصر کا قانون کی گرفت سے بچ نکلنا آزادی صحافت، جمہوریت اور قانون کی حکمرانی کیلئے سنگین خطرہ

صحافیوں کو دھمکیوں، تشدد، ہراسانی اور قتل جیسے سنگین جرائم سے محفوظ رکھنا ریاست اور معاشرے کی ذمہ داری ہے، گفتگو

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ صحافیوں کے خلاف جرائم پر خاموشی اختیار کرنا سچ اور انصاف کی آواز دبانے کے مترادف ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ صحافیوں کو دھمکیوں، تشدد، ہراسانی اور قتل جیسے سنگین جرائم سے محفوظ رکھنا ریاست اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی عوام تک حقائق پہنچانے، عوام کے حق آگاہی کو خاموش کرنے کے برابر طاقت کے ایوانوں کا احتساب کرنے اور معاشرے میں ہے۔ جبکہ ایسے جرائم میں ملوث افراد کو سزا سے بچنے دینا شعور اور آگاہی پیدا کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ صحافیوں کے خلاف جرائم میں ملوث عناصر کا قانون کی گرفت سے بچ نکلنا آزادی صحافت، جمہوریت اور

باقی صفحہ 3 بقیہ 1



ستاروں کی دنیا



شوبز میں قدم رکھنے پر رشتہ داروں نے شادی نہ ہونے کے طعنے دیئے،سعدیہ امام

ماشاء اللہ مجھے غیر شادی شدہ نوجوان شوہر بھی ملا اور اللہ نے ہمیں اولاد سے بھی نوازا

لاہور (وائس آف ایشیا) مقبول پاکستانی اداکارہ و میزبان سعدیہ امام نے کہا ہے کہ جب میں نے شوبز انڈسٹری میں قدم رکھا تو رشتہ داروں نے شادی نہ ہونے کے طعنے دیئے۔حال ہی میں اداکارہ سعدیہ امام نے نجی ٹی وی شو میں شرکت کی جس میں انہوں اپنے کیریئر اور شادی سمیت مختلف موضوعات پر کھل کر بات کی۔شادی سے متعلق بات کرتے ہوئے سعدیہ امام کا کہنا تھا کہ شوبز انڈسٹری میں آنے کے بعد میرے اپنے ہی رشتہ داروں کی جانب سے سب سے پہلا طعنہ یہ سننے کو ملا کہ میری شادی کبھی نہیں ہوگی، اگر ہو گی بھی تو دو بچوں کے باپ سے ہوگی۔انہوں نے بتایا کہ شادی سے قبل میں اور میرے والدین روزانہ ایسی باتیں سنتے تھے، میں انہیں روزانہ اس بُرے وقت سے گزرتا دیکھتی تھی، انہی لوگوں کی باتوں سے میں مضبوط بنی اور سب کو غلط ثابت کیا۔اداکارہ کا کہنا تھا کہ میں نے اپنے والدین کو کہا کہ آپ جس سے کہیں گے میں شادی کرلوں گی لیکن پہلے مجھے اپنے کام پورے کرنے دیں، کیونکہ اب میں اس کیچڑ میں کود گئی ہوں اور اپنے کام مکمل کیے بغیر پیچھے نہیں ہٹوں گی۔سعدیہ نے مزید کہا کہ ماشااللہ مجھے غیر شادی شدہ نوجوان شوہر بھی ملا اور اللہ نے ہمیں اولاد سے بھی نوازا، جب عدنان کا رشتہ آیا تو تب بھی لوگوں نے کہا کہ ذرا چیک کرو کہ اس کی دو یا تین بیویاں بھی ہوں گی۔

مرزا اشتیاق بیگ نے کرن خان کو شادی کیلئے کیسے راضی کیا؟ اداکارہ نے سب کھل کر بتا دیا

اداکارہ نے دولت کی خاطر شادی کرنے کی تنقید کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے پوری زندگی محنت کر کے اپنی کمائی سے گزارا کیا ہے

کراچی(وائس آف ایشیا)پاکستانی ٹی وی میزبان و اداکارہ کرن خان نے معروف کاروباری شخصیت مرزا اشتیاق بیگ سے شادی کے فیصلے اور دولت کی خاطر شادی کرنے کے الزامات پر کھل کر بات کر ڈالی۔حال ہی میں کرن خان نے میزبان نادیہ خان کے مارننگ شو 'رائز اینڈ شائن' میں شرکت کی جہاں انہوں نے اپنی ازدواجی زندگی سے متعلق دلچسپ انکشافات کیے۔کرن خان نے بتایا کہ وہ ابتدا میں شادی کرنے کا ارادہ نہیں رکھتی تھیں، تاہم مرزا اشتیاق بیگ سے ان کی پہلے ہی جان پہچان تھی کیونکہ وہ ان کی فاؤنڈیشن کے ساتھ کام کر چکی تھیں۔اداکارہ کے مطابق دونوں کو زندگی میں ایک دوسرے کی ضرورت تھی لیکن ماضی کے تجربات کی وجہ سے وہ کسی نئے رشتے میں آنے سے ہچکچا رہے تھے۔ اب دونوں کو اس بات کا افسوس ہوتا ہے کہ وہ ایک دوسرے سے پہلے کیوں نہیں ملے۔کرن خان کا کہنا تھا کہ طویل عرصے تک تنہا رہنے کے بعد انہیں احساس ہوا کہ زندگی کی چھوٹی چھوٹی خوشیاں کسی کے ساتھ بانٹنا کتنا خوبصورت تجربہ ہے۔



''ڈرٹی پکچر'' کو میرا کیریئر تباہ کرنے والی فلم ٹھہرایا گیا تھا، وِدیا بالن

ملن لوتھریا کی ہدایتکاری میں بننے والی یہ فلم ساؤتھ انڈین آنجہانی اداکارہ سلک اسمتھا سے متاثر تھی

ممبئی (وائس آف ایشیا) بالی ووڈ اداکارہ ودیا بالن نے اپنی فلم 'دی ڈرٹی پکچر' کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس وقت بہت سے لوگوں نے انہیں اس فلم میں کام کرنے سے روکا اور کہا کہ 'یہ میرے کیریئر کو تباہ کردے گا۔بالی ووڈ اداکارہ ودیا بالن نے حال ہی میں 2011 کی فلم 'دی ڈرٹی پکچر' میں سلک اسمتھا کا کردار نبھانے کے دوران درپیش چیلنجز کے بارے میں بتایا۔گوا میں 54 ویں انٹرنیشنل فلم فیسٹیول آف انڈیا سے خطاب کرتے ہوئے ودیا بالن نے انکشاف کیا کہ انہیں ان لوگوں کی جانب سے مایوسی کا سامنا کرنا پڑا جن کا خیال تھا کہ یہ کردار ادا کرنے کےفیصلے سے ان کے کیریئر پر منفی اثر پڑے گا۔تقریب بات کرتے ہوئے ودیا بالن نے کہا کہ 'میں 'سلک اسمتھا' کا کردار ادا کرنے کے لئے بہت پرجوش تھی۔'ودیا نے بتایا کہ 'لوگ سمجھتے تھے کہ میں یہ کردار نہیں کرسکتی لیکن میں جانتی تھی کہ میں یہ کرسکتی ہوں مجھے ایک جنون تھا چنانچہ میں نے فوراً اس کے لئے حامی بھر لی۔'ملن لوتھریا کی ہدایتکاری میں بننے والی یہ فلم ساؤتھ انڈین آنجہانی اداکارہ سلک اسمتھا سے متاثر تھی۔سلک اپنی غیر معمولی پرکشش شخصیت کی وجہ سے بہت کم وقت میں شہرت حاصل کرنے لگیں اور 1996 میں صرف 35 سال کی عمر میں پراسرار طور پر انتقال کرگئیں۔ودیا نے بتایا کہ 'ڈرٹی پکچر' سلک اسمتھا کی زندگی پر مبنی ایک سوانحی میوزیکل ڈراما تھا۔



میگھن مارکل کی برطانیہ واپسی کیلئے رکھی گئی شرائط سے متعلق انکشاف

میں اسی صورت برطانیہ واپس آؤنگی جب مجھے الگ اپنی ذاتی رہائش اور مکمل سیکیورٹی فراہم کی جائیگی

لندن (وائس آف ایشیا)برطانوی شاہی خاندان سے منحرف شہزادہ ہیری کی اہلیہ، امریکی اداکارہ میگھن مارکل نے برطانیہ واپسی کے لیے اپنی رہائش اور سیکیورٹی سے متعلق اہم شرائط رکھی تھیں۔شاہی امور کے ماہر ٹام کوئن کے مطابق میگھن مارکل نے شہزادہ ہیری پر واضح کیا تھا کہ میں اسی صورت برطانیہ واپس آؤں گی جب مجھے شاہی خاندان سے الگ اپنی ذاتی رہائش اور مکمل سیکیورٹی فراہم کی جائے گی۔ٹام کوئن نے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ میگھن مارکل اپنے شوہر کے رشتے داروں کے ساتھ رہنے کے لیے کبھی تیار نہیں ہوں گی۔ماہر کے مطابق، شہزادہ ہیری فروگمور کاٹیج سے بے دخلی پر شدید ناراض اور رنجیدہ تھے، انہیں محسوس ہوتا تھا کہ ان کے والد شاہ چارلس کو انہیں شاہی رہائش سے محروم کرنے کا کوئی حق نہیں تھا تاہم شاہی فرائض سے دستبرداری کے فیصلے کے نتیجے میں شاہی رہائش چھوڑنا ضروری تھا۔واضح رہے کہ شہزادہ ہیری اور میگھن مارکل نے 2020 میں شاہی خاندان کے فعال رکن کی حیثیت سے دستبرداری اختیار کی تھی اور اپنے بیٹے شہزادہ آرچی کے ساتھ برطانیہ چھوڑ دیا تھا۔ بعد ازاں جوڑے نے شاہی خاندان پر اپنے بیٹے کے ساتھ نسلی امتیاز برتنے کے الزامات بھی عائد کیے۔



فاطمہ آفندی کا پوسٹ پارٹم ڈپریشن سے متعلق انکشاف

وقت کے ساتھ میرے ایمان اور اللہ تعالی کی صفات کو سمجھنے کے انداز میں تبدیلی آئی ہے،اداکارہ

کراچی (وائس آف ایشیا)پاکستانی اداکارہ فاطمہ آفندی نے اپنی خاندانی تصویر سوشل میڈیا پر شیئر کرتے ہوئے ماں بننے کے بعد ڈپریشن (پوسٹ پارٹم ڈپریشن) سے گزرنے اور اس مشکل دور سے نکلنے میں ایمان اور اہلِ خانہ کے کردار سے متعلق جذباتی پیغام جاری کیا ہے۔اداکارہ نے اپنی پوسٹ کے کیپشن میں گود میں موجود ننھی بچی کو اللہ تعالی کی جانب سے عطا کی گئی خوشیوں کی روشنی قرار دیا ہے۔فاطمہ آفندی نے انکشاف کیا ہے کہ میں گزشتہ 6ماہ سے شدید پوسٹ پارٹم ڈپریشن کے باعث خود کو تنہا رکھے ہوئے تھی اور لوگوں سے میل جول سے گریز کر رہی تھی، تاہم میرے ایمان نے مجھے اس مشکل مرحلے سے نکلنے میں مدد دی۔اداکارہ نے اپنے شوہر کا بھی شکریہ ادا کیا اور کہا ہے کہ اس پورے سفر کے دوران انہوں نے میرا ساتھ دیا اور ہر مشکل وقت میں حوصلہ افزائی کی۔اللہ تعالی سے اپنے تعلق کا ذکر کرتے ہوئے اداکارہ نے کہا کہ وقت کے ساتھ میرے ایمان اور اللہ تعالی کی صفات کو سمجھنے کے انداز میں تبدیلی آئی ہے۔انہوں نے اللہ تعالی کے صفاتی ناموں الودود، البر، اللطیف، الولی، الرحمٰن اور الرحیم کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ اللہ تعالی انسان کی خامیوں کے باوجود اسے قبول فرماتا ہے۔اداکارہ نے لوگوں کو ایک دوسرے کے ساتھ نرمی، محبت اور حسنِ سلوک سے پیش آنے کی تلقین کی ہے۔فاطمہ آفندی نے مداحوں سے اپنی بیٹی ازنیرا کے لیے دعاؤں کی درخواست بھی کی ہے۔



ہالی وڈ کے مشہور ڈائریکٹر اچانک گولی چل جانے سے زخمی، ہسپتال منتقل

مائیکل مان کو امریکی کرائم اور تھرلر فلمز کے صفِ اول کے ڈائریکٹرز میں شمار کیا جاتا ہے

لاس اینجلس(وائس آف ایشیا)ہالی وڈ کے نامور ڈائریکٹر مائیکل مان حادثاتی طور پر گولی چل جانے سے زخمی ہوگئے۔غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ واقعہ لاس اینجلس میں اس وقت پیش آیا جب 83سالہ مائیکل مان ٹارگٹ پریکٹس کررہے تھے جس کے بعد پستول ہولسٹر میں رکھتے ہوئے ان سے اچانک گولی چل گئی جس سے وہ زخمی ہوگئے تاہم انہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کردیا گیا۔میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ ڈاکٹرز نے مائیکل مان کی انجری کو معمولی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ زخم معمولی نوعیت کا تھا جس میں جلد کے نیچے ٹشوز متاثر ہوئے۔ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ مائیکل مان کو ضروری طبی امداد کی فراہمی کے بعد ہسپتال سے ڈسچارج کردیا گیا ہے۔دوسری جانب پولیس نے بھی واقعے کو حادثہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ مان کا خود کو نقصان پہنچانے کا ارادہ نہیں تھا، مائیکل مان حادثاتی طور پر فائرنگ کے نتیجے میں زخمی ہوئے۔واضح رہے کہ مائیکل مان کو امریکی کرائم اور تھرلر فلمز کے صفِ اول کے ڈائریکٹرز میں شمار کیا جاتا ہے، ان کی مشہور اور کامیاب ترین فلموں میں دی لاسٹ آف دی موہیکنز، ہیٹ ، دی انسائیڈر سمیت کئی فلمیں شامل ہیں۔



رجب بٹ کا مسٹر پٹلو کے مشکل وقت میں ساتھ دینے کا اعلان

واقعہ کے بعد مسٹر پٹلو نے ویڈیو جاری کر کے معافی مانگی اور پنجاب حکومت سے مدد کی اپیل کی

لاہور(وائس آف ایشیا)معروف پاکستانی یوٹیوبر رجب بٹ نے سابق دوست اور ٹک ٹاکر مسٹر پٹلو کے مشکل وقت میں ان کی حمایت کرتے ہوئے خصوصی ویڈیو پیغام جاری کر دیا۔سیالکوٹ سے تعلق رکھنے والے ٹک ٹاکر محمد انصر جٹ المعروف مسٹر پٹلو کی مہندی کی تقریب سے قبل بھگدڑ کے افسوسناک واقعے میں 4افراد جاں بحق اور 14زخمی ہو گئے تھے۔واقعہ کے بعد مسٹر پٹلو نے ویڈیو جاری کر کے معافی مانگی اور پنجاب حکومت سے مدد کی اپیل کی، انہوں نے اپنے خلاف مقدمہ درج ہونے کا دعویٰ بھی کیا۔اس صورتحال میں رجب بٹ نے پرانے اختلافات کو ایک طرف رکھتے ہوئے مسٹر پٹلو کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور کہا کہ اگرچہ اب دونوں کے درمیان بات چیت نہیں ہوتی، لیکن انہوں نے ماضی میں اچھا وقت ساتھ گزارا ہے۔انہوں نے کہا کہ مشکل وقت میں حقیقی دوستوں کی پہچان ہوتی ہے، ہمت نہ ہارنا، میں تمہارے ساتھ ہوں، جبکہ ان کی والدہ بھی مسٹر پٹلو کے لیے دعاگو ہیں اور ان سے بات کرنا چاہتی تھیں۔





کھیل کھلاڑی

ساف چیمپئین شپ: بھارت کو شکست دینا چاہتے ہیں، نولبرٹو سولانو

سیمی فائنل پہلا ہدف، کھلاڑیوں کی فٹنس اور اسکلز کے نتائج مثبت آرہےہیں، ہیڈ کوچ قومی فٹبال ٹیم

اسلام آباد(وائس آف ایشیا) پاکستان فٹبال ٹیم کے ہیڈ کوچ نولبرٹو سولانو نے کہا ہے کہ ساف چیمپئین شپ میں بھارت کو شکست دینا چاہتے ہیں،چیمپئن شپ میں سیمی فائنل کو پہلا ہدف بنایا ہے، قومی کھلاڑیوں کی فٹنس اور اسکلز پر کام کرنے کے نتائج مثبت آرہے ہیں۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ہیڈ کوچ نولبرٹو سولانو نے کہا کہ قومی ٹیم کو مضبوط بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہاکہ بنگلہ دیش میں شیڈول ساف چیمپئین شپ میں سیمی فائنل تک رسائی کو پہلا ہدف بنایا ہے، بھارت گزشتہ 20سال سے پروفیشنل فٹبال پر کام کر رہا ہے۔انہوں نے کہاکہ بھارت کے خلاف اچھا نتیجہ حاصل کرنا چاہتے ہیں کیونکہ مقابلہ پاکستانی شائقین کے لیے انتہائی اہم ہے جو پاکستان کا جیتا ہوا دیکھنا چاہتے ہیں۔نولبرٹوسولانو نے کہا کہ مقابلے میں ہر ٹیم ایک سخت چیلنج ثابت ہوگی، ہم قدم بہ قدم آگے بڑھیں گے۔ انہوں نے کہاکہ جمعرات کو بھارت کے خلاف بڑا مقابلہ ہے، جس کے بعد مالدیپ سے میچ ہوگا۔ ہماری توجہ ان دونوں میچز پر ہے تاکہ سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کر سکیں۔ ہمیں ہر میچ کو فائنل سمجھ کر کھیلنا ہوگا۔



گلین میکسویل کا انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

گلین میکسویل نے 7 ٹیسٹ، 149 ون ڈے اور 130 ٹی ٹوئنٹی میچز میں آسٹریلیا کی نمائندگی کی،کرکٹ ویب سائٹ

سڈنی (وائس آف ایشیا)آسٹریلیا کے جارح مزاج بلے باز اور آل راؤنڈر گلین میکسویل نے انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا۔ کرکٹ ویب سائٹ کے مطابق گلین میکسویل نے 7 ٹیسٹ، 149 ون ڈے اور 130 ٹی ٹوئنٹی میچز میں آسٹریلیا کی نمائندگی کی۔میکسویل نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2026 میں عمان کے خلاف آخری بار آسٹریلیا کی نمائندگی کی،وہ 2022 میں ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ، 2015 اور 2023 کے ورلڈکپ کی فاتح آسٹریلین ٹیموں کا حصہ رہے۔میکس ویل نے بھارت میں ہونے والے 2023 کرکٹ ورلڈکپ میں افغانستان کے خلاف ڈبل سنچری بناتے ہوئے ون ڈے کرکٹ کی تاریخ کی بہترین اننگز میں سے ایک اننگز کھیلی اور اپنی ٹیم فتحیاب کروایا۔



نیوزی لینڈ کے ڈیون کونوے و میٹ ہنری دورانِ پریکٹس کیچ پکڑتے ٹکرا کر زخمی

ڈیون کونوے اور میٹ ہنری پریکٹس سیشن کے دوران کیچ پکڑنے کی کوشش کے دوران آپس میں ٹکرا گئے

ایڈن پارک (وائس آف ایشیا)نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے کرکٹرز ڈیون کونوے اور میٹ ہنری پریکٹس سیشن کے دوران زخمی ہو گئے۔ایڈن پارک میں کیچ پکڑنے کی کوشش کے دوران دونوں کھلاڑی آپس میں ٹکرا گئے۔میڈیکل اسٹاف نے دونوں کھلاڑیوں کوطبی امداد فراہم کی اور ہیڈ انجری کا جائزہ لیا۔ڈیون کونوے کو مزید معائنے کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے اور ان کے کن کشن کی تصدیق کر دی گئی ہے۔اس صورت حال کے باعث ڈیون کونوے بھارت کے خلاف کل ہونے والے پہلے ون ڈے میچ سے باہر ہو گئے ہیں۔میٹ ہنری اور ڈیون کونوے کی سیریز میں شرکت کے حوالے سے فیصلہ مکمل طبی جائزے کے بعد ہو گا۔



محمد عامر کی آئی پی ایل میں شرکت کی تردید

آئی پی ایل کے حوالے سے گردش کرتی خبریں درست نہیں،سوشل میڈیا پر پوسٹ

کراچی (وائس آف ایشیا)سابق فاسٹ بولر محمد عامر نے انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں شرکت سے متعلق گردش کرتی خبروں پر خاموشی توڑ دی۔گزشتہ کچھ عرصے سے محمد عامر کے بارے میں بھارتی میڈیا پر یہ خبریں گردش کر رہی تھیں کہ وہ برطانوی شہری کی حیثیت سے آئی پی ایل میں شرکت کر سکتے ہیں،اب سابق فاسٹ بالر نے سوشل میڈیا ویب سائٹ ایکس پر اپنی ایک پوسٹ میں خود ان خبروں کی تردید کر دی۔انہوں نے اپنی پوسٹ میں لکھا کہ میں صرف یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ آئی پی ایل کے حوالے سے گردش کرتی خبریں درست نہیں۔واضح رہے کہ محمد عامر رواں سال مئی میں برطانیہ کا پاسپورٹ حاصل کرنے کے بعد برطانوی شہری بن گئے ہیں۔حال ہی میں انہوں نے برطانوی شہری کی حیثیت سے افغانستان پریمیئر لیگ کیلئے رجسٹریشن کروائی ہے جس کے بعد ان کی آئی پی ایل میں شرکت سے متعلق قیاس آرائیوں نے مزید زور پکڑ لیا تھا۔محمد عامر نے پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے 36 ٹیسٹ، 61 ون ڈے اور 62 ٹی 20 میچز کھیلے ہیں اور انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لینے کے بعد مختلف فرنچائز کرکٹ لیگز میں اب بھی کرکٹ کھیلتے نظر آتے ہیں۔



آئرش ویمن کرکٹر ربیکا اسٹوکل نے آئی سی سی اینٹی ڈوپنگ قوانین کی خلاف ورزی کا اعتراف کرلیا



کراچی(وائس آف ایشیا) آئرش ویمن کرکٹر ربیکا اسٹوکل نے آئی سی سی اینٹی ڈوپنگ قوانین کی خلاف ورزی کا اعتراف کرلیا۔آئی سی سی نے اس حوالے سے کہا کہ 23 جون 2026 کو ربیکا اسٹوکل کے لیے گئے نمونے میں ممنوعہ ادویات ملی تھیں، ربیکا اسٹوکل کے نمونے میں ایک مخصوص مادے کی موجودگی سامنے آئی تھی۔آئی سی سی کے مطابق آئرش ویمن کرکٹر ربیکا اسٹوکل کے ڈوپنگ کا معاملہ تجویز کردہ طبی ادویات کے استعمال کے باعث پیش آیا۔ انہوں نے 23 اکتوبر 2026 سے رضاکارانہ طور پر معطلی قبول کرلی۔کرکٹ کونسل نے بیان میں یہ بھی کہا کہ ربیکا اسٹوکل کے کیس کا فیصلہ آنے تک اس پر مزید تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔

نیویارک سٹی میراتھن میں امین مکاتی کا شاندار اعزاز

اپنی اس شاندار کارکردگی پر گفتگو کرتے ہوئے امین مکاتی نے نیویارک میراتھن ریس کو انتہائی کٹھن تجربہ قرار دیا

اسلام آباد (وائس آف ایشیا)پاکستانی لانگ ڈسٹنس رنر امین مکاتی نے نیویارک سٹی میراتھن میں شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے 42اعشاریہ 195 کلومیٹر میراتھن کو 2 گھنٹے 53منٹ اور 42سیکنڈ میں میراتھن کومکمل کرنیوالے تیز ترین پاکستانی رنرہونے کا اعزاز حاصل کر لیا۔اپنی اس شاندار کارکردگی پرگفتگو کرتے ہوئے امین مکاتی نے نیویارک میراتھن ریس کو انتہائی کٹھن تجربہ قرار دیا اور کہا کہ وہ اس سال کے ایونٹ میں 42اعشاریہ 195 کلومیٹر میراتھن کو تین گھنٹے سے کم وقت میں ریس مکمل کرنے والے واحد پاکستانی رنر ہی جسے مکمل کرنا میرے اور میرے ملک پاکستان کے لیے ایک نہایت خاص لمحہ ہے۔امین مکاتی نے کہا کہ وہ دنیا کی چھ بڑی بین الاقوامی میراتھنز مکمل کرنے کے اپنے پرعزم ہدف کی تکمیل کی طرف گامزن ہیں جبکہ میراتھن کیلئے ایکٹیویٹ کے سی ای او آر ڈی رضوان آفتاب احمد کا خصوصی طور پر شکر گزار ہوں جنہوں نے میرے تمام بین الاقوامی میراتھن کے سفر میں بھرپور تعاون اور حوصلہ افزائی کی۔



انگلش پریمیئر لیگ، ایورٹن کی نیو کیسل یونائیٹڈ کو اس کے ہوم گراؤنڈ پر 0-1 سے شکست دے کر 4 روز میں مسلسل دوسری کامیابی

ٹائریک جارج کے شاٹ پر نیو کیسل یونائیٹڈ کے گول کیپر سے گیند چھوٹ گئی، فائدہ اٹھاتے ہوئے تھیرنوبیری نے گیند جال میں پہنچا دی

لیورپول(وائس آف ایشیا)انگلش پریمیئر لیگ میں ایورٹن نے نیو کیسل یونائیٹڈ کو اس کے ہوم گراؤنڈ پر 0-1 سے شکست دے کر 4 روز میں مسلسل دوسری کامیابی حاصل کرلی۔ای ایس پی این کے مطابق سینٹ جیمز پارک میں کھیلے گئے مقابلے کا واحد اور فیصلہ کن گول دوسرے ہاف کے آغاز کے 4 منٹ بعد تھیرنو بیری نے کرکے اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ٹائریک جارج کے شاٹ پر نیو کیسل یونائیٹڈ کے گول کیپر سے گیند چھوٹ گئی جس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے تھیرنوبیری نے گیند جال میں پہنچا دی۔ وی اے آر جائزے کے بعد بھی گول برقرار رکھا گیا۔میزبان ٹیم نے مقابلہ برابر کرنے کی بھرپور کوشش کی، تاہم ایورٹن کے گول کیپر جارڈن پک فورڈ نے متعدد اہم بچاؤ کرکے اپنی ٹیم کی برتری برقرار رکھی۔ میچ کے آخری لمحات میں نیو کیسل یونائیٹڈ کے متبادل کھلاڑی جیکب ریمسی کو چند منٹ کے وقفے سے 2 پیلے کارڈ دکھائے گئے، جس کے باعث انہیں میدان سے باہر جانا پڑا۔اس کامیابی کے ساتھ ایورٹن نے پریمیئر لیگ میں مسلسل 3 میچوں سے جاری ناکامی کا سلسلہ ختم کرتے ہوئے پوائنٹس ٹیبل پر 7ویں پوزیشن حاصل کرلی جبکہ نیو کیسل یونائیٹڈکی ٹیم 13ویں نمبر پر چلی گئی۔واضح رہے کہ ایورٹن نے اس سے قبل 4 روز پہلے کاراباؤ کپ کے چوتھے مرحلے میں بھی نیو کیسل یونائیٹڈکو 1-3 سے شکست دی تھی۔



آئی پی ایل،فرنچائزز کو کھلاڑیوں کی ریٹینشن اور ریلیز کی حتمی فہرست کیلئے مزید دو دن کی مہلت

تمام ٹیمیں 15 نومبر کے بجائے 17 نومبر تک اپنے برقرار رکھے گئے، ریلیز کیے گئے کھلاڑیوں کی فہرست جمع کرا سکیں گی

نئی دہلی (وائس آف ایشیا)انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) 2027 کی نیلامی سے قبل فرنچائزز کو کھلاڑیوں کی ریٹینشن اور ریلیز کی حتمی فہرست جمع کرانے کے لیے مزید دو دن کی مہلت دے دی گئی ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق اب تمام ٹیمیں 15 نومبر کے بجائے 17 نومبر تک اپنے برقرار رکھے گئے اور ریلیز کیے جانے والے کھلاڑیوں کی فہرست جمع کرا سکیں گی جبکہ آئی پی ایل 2027 کی ایک روزہ منی نیلامی 16 دسمبر کو بھارتی شہر گوا میں منعقد ہوگی۔آئی پی ایل انتظامیہ کے مطابق کھلاڑیوں کی رجسٹریشن کا عمل 23 نومبر کو بند ہو جائے گا جبکہ فرنچائزز 27 نومبر تک مزید کھلاڑیوں کو نیلامی کے لیے شامل کرنے کی درخواست دے سکیں گی۔ نیلامی میں شامل کھلاڑیوں کی حتمی فہرست اور مختلف سیٹس کی ترتیب 3 دسمبر کو ٹیموں کے حوالے کی جائے گی۔دوسری جانب نیلامی سے قبل کھلاڑیوں کے تبادلوں کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ اب تک دو اہم ٹریڈز مکمل ہو چکی ہیں، جن میں دہلی کیپٹلز نے لکھنؤ سپر جائنٹس سے اپنے سابق کپتان رشبھ پنت کو دوبارہ ٹیم میں شامل کر لیا ہے جبکہ کلدیپ یادیو لکھنؤ سپر جائنٹس کا حصہ بن گئے ہیں۔ایک اور تبادلے میں دہلی کیپٹلز نے فاسٹ بولر ٹی نٹراجن کو سن رائزرز حیدرآباد کے حوالے کر دیا ہے، جس کے بدلے لیگ اسپنر ذیشان انصاری کو حاصل کیا ہے۔



ایران اور امریکہ و اسرائیل کشیدگی۔۔۔۔۔۔تحریر غلام رسول بلوچ

ایک مرتبہ پھر یہ خدشات بڑھ گئے ہیں کہ امریکہ و اسرائیل ملکر ایران پر حملہ کردیں
یہ حملہ اگر خدانخواستہ ہوتا ہے تو خطے میں ایک مرتبہ پھر کشیدگی پیدا ہو جائے گی اور امن و امان کے شدید مسائل پیدا ہو جائیں گے۔
اس کشیدگی کے انتہائی منفی اثرات پاکستان پر بھی پڑ سکتے ہیں۔ معاشی لحاظ سے اور امن و امان کے حوالے سے صورتحال بگڑ سکتی ہے جس کا خمیازہ پاکستان سمیت دیگر خطے کے ممالک کو بھگتنا پڑے گا۔
پاکستان نے سفارتکاری کے ذریعے اس جنگ کو رکوانے اور کشیدگی کم کرنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھی ہوئی ہیں۔ پاکستان خطے میں امن کا خواہاں ہے۔
اگر ایران کے حالات عدم استحکام کا شکار رہتے ہیں تو معاشی طور پر خطے کے ممالک پر منفی اثرات مرتب ہونگے۔
عالمی برادری اس بات سے بخوبی آگاہ ہے۔ میڈلیسٹ اور مشرق وسطیٰ میں جنگ کی چنگاریاں تیسری عالمی جنگ کو دعوت دے سکتی ہیں۔
خطے کے ممالک کا کردار انتہائی اہم ہے کہ وہ جنگ رکوانے کے لیے سفارتکاری کریں۔
پاکستان خود اندرونی محاذوں پر الجھا ہوا ہے جس میں دہشت گردی کی لعنت ایک ناسور کی شکل میں سامنے کھڑی ہے جس کے خلاف پاکستانی فوج اور قوم نبرد آزما ہے۔
بھارت ریاستی دہشت گردی کے ذریعے پاکستان میں دہشت گرد تنظیموں کو سپورٹ کر کے پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنا چاہتا ہے۔
پاکستان میں جتنی بھی دہشت گردی ہے اس کے پیچھے بھارت اور اسرائیل کی معاونت ہے اور افغان سرزمین و افرادی قوت کا استعمال ہے جو پاکستان کی خودمختاری کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے۔
پاکستانی قوم ملی وحدت اور یکجہتی کے ساتھ ملک دشمن عناصر کی بیخ کنی کے لیے اپنی افواج اور دیگر قومی سلامتی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔
قوم کو ملک کے مفادات اور قومی سلامتی کو مدنظر رکھتے ہوئے بیرونی سازشوں منفی پروپیگنڈوں اور جھوٹے بیانیوں کا مقابلہ کرنے کی ضرورت ہے۔
بلوچستان اور کے پی کے میں حالات کی خرابی میں بھارت ملوث ہے اور یہ بھارتی مداخلت ناقابل برداشت ہے۔
سوشل میڈیا کے محاذ سے لیکر دہشت گردی اور ان کی پراکسیز تک بھارتی معاونت کو نہ پاکستانی قوم برداشت کرے گی اور نہ ہی اس کے قومی سلامتی کے ادارے۔
ایران کے ساتھ امریکہ و اسرائیل تنازعہ خطے میں عدم استحکام کا موجب بن سکتا ہے۔ عالمی برادری خطے کے تنازعات کے حل میں اپنا موثر کردار ادا کرے۔
جنگ کسی کے مفاد میں نہیں اس لیے مذاکرات کے ذریعے معاملات کو حل کیا جائے۔ جنگ سے تباہی آتی ہے اور امن سے خوشحالی کے دروازے کھلتے ہیں۔
اسرائیل اور فلسطین تنازعہ بھارت اور پاکستان کے درمیان کشمیر تنازعہ ایسے سلگتے ہوئے مسائل ہیں جن کا حل ہونا ضروری ہے اگر یہ معاملات میرٹ پہ حل نہیں ہوتے تو ان تنازعات کو جنگ میں بدلنے سے روکنا مشکل ہوجائیگا۔
عالمی برادری اور اقوام متحدہ اس سلسلے میں موثر اقدامات اٹھائے اور ان تنازعات کے حل میں اپنا کردار ادا کرے
بھارت اور اسرائیل کی ریاستی دہشت گردی کو لگام ڈال کر ان ممالک کو فلسطین و کشمیر میں جبری قبضوں سے روکنا ہوگا۔
کشمیر پر بھارتی ناجائز قبضہ اور فلسطین پر اسرائیلی قبضہ ناقابل قبول ہے۔
خطے میں امن و امان کی بحالی اور کشیدگی کے خاتمے کے لیے سب ملکوں کو بھرپور طریقے سے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

سرحدوں کے پار سازشوں کا جال۔۔۔۔۔۔از قلم: حمید علی



پاکستان اس وقت دہشت گردی کے ایک ایسے پیچیدہ اور خطرناک چیلنج سے نبرد آزما ہے، جس کی جڑیں محض داخلی بدامنی تک محدود نہیں رہیں بل کہ اس کے اثرات علاقائی سیاست، سرحد پار مداخلت اور عالمی طاقتوں کے مفادات سے بھی جڑتے دکھائی دیتے ہیں۔ گزشتہ دو دہائیوں میں پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جو طویل جنگ لڑی ہے اس میں ہزاروں قیمتی جانوں کی قربانی دی، اربوں ڈالر کا معاشی نقصان برداشت کیا اور اپنے امن و استحکام کی بحالی کے لیے بے مثال جدوجہد کی۔ مگر افسوس کہ امن کی جانب بڑھتے ہوئے قدموں کو ایک مرتبہ پھر دہشت گردی کی نئی لہر روکنے کی کوشش کر رہی ہے۔
ڈی جی آئی ایس پی آر کی حالیہ پریس کانفرنس میں پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات کے پس پردہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم پراکسی نیٹ ورکس اور افغان سرزمین سے ان کی مبینہ معاونت کا معاملہ ایک مرتبہ پھر نمایاں طور پر سامنے آیا ہے۔ پاکستان کا مؤقف ہے کہ بھارت افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف تخریبی سرگرمیوں کے لیے استعمال کر رہا ہے اور کالعدم تحریک طالبان پاکستان سمیت دہشت گرد عناصر کو مختلف طریقوں سے معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔ یہ صورت حال اس امر کی متقاضی ہے کہ خطے میں دہشت گردی کے بدلتے ہوئے محرکات کو سنجیدگی سے سمجھا جائے۔
پاکستان میں حالیہ دہشت گردی کے واقعات کا تسلسل کئی اہم سوالات کو جنم دیتا ہے۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں سکیورٹی فورسز پر حملے، پولیس اہل کاروں کی شہادتیں، خودکش دھماکے اور ٹارگٹ کلنگ کے واقعات اس بات کی نشان دہی کرتے ہیں کہ دہشت گرد عناصر منظم انداز میں ریاستی اداروں کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ ان کارروائیوں کا مقصد صرف انسانی جانوں کا ضیاع نہیں بل کہ عوام میں خوف پیدا کرنا، ریاستی اداروں کو کمزور کرنا، معاشی سرگرمیوں کو متاثر کرنا اور پاکستان کے داخلی استحکام کو نقصان پہنچانا بھی ہے۔ ان واقعات کے پس منظر میں سرحد پار معاونت اور بیرونی سرپرستی کے شواہد موجود ہیں یہ محض پاکستان کا داخلی مسئلہ نہیں رہتا بل کہ پورے خطے کی سلامتی کا معاملہ بن جاتا ہے۔
یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ جس پاکستان نے عالمی سطح پر دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ایک اہم کردار ادا کیا اور جس نے اپنے وسائل اور انسانی قوت کا بڑا حصہ اس جنگ میں صرف کیا، اسے آج بھی دہشت گردی کے مسلسل خطرات کا سامنا کیوں ہے؟ پاکستان نے آپریشن ضرب عضب اور آپریشن ردالفساد جیسے بڑے اقدامات کے ذریعے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا، ان کے نیٹ ورکس کو توڑا اور ریاستی عمل داری کی بحالی کے لیے غیر معمولی قربانیاں دیں۔ ان کارروائیوں میں مسلح افواج کے افسران اور جوانوں کے ساتھ پولیس، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور عام شہریوں نے بھی اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے۔
پاکستان کی قربانیوں کا اعتراف عالمی سطح پر بھی مختلف مواقع پر کیا جاتا رہا ہے۔ دہشت گردی کے خلاف بین الاقوامی تعاون، اقوام متحدہ کے انسداد دہشت گردی کے اقدامات اور عالمی فورمز پر پاکستان کے کردار کا ذکر اس حقیقت کو واضح کرتا ہے کہ پاکستان اس جنگ کا محض متاثرہ ملک نہیں بل کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے عملی جدوجہد کرنے والا ایک اہم فریق بھی رہا ہے۔ اس جنگ نے ہماری معیشت کو شدید نقصان پہنچایا۔ سرمایہ کاری متاثر ہوئی، کاروباری سرگرمیاں محدود ہوئیں، سیاحت کو دھچکا لگا اور ترقی کے کئی امکانات سکیورٹی کے مسائل کی نذر ہوگئے۔ اس کے باوجود پاکستان نے امن کے قیام کی کوششیں جاری رکھیں۔
افغانستان کی موجودہ صورت حال بھی اس تناظر میں غیر معمولی اہمیت رکھتی ہے۔ افغان عبوری حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی سرزمین کسی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہ ہونے دے۔ افغان سرزمین سے پاکستان کے خلاف دہشت گردانہ کارروائیاں ہو رہی ہیں کابل کو ان کے سدباب کے لیے محض یقین دہانیوں کے بجائے عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔ پاکستان اپنے تحفظات سفارتی سطح پر مؤثر انداز میں اٹھانے، ٹھوس شواہد عالمی برادری کے سامنے رکھنے اور سرحدی نگرانی کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ اسی طرح بھارت کی مبینہ مداخلت کے معاملے کو عالمی فورمز پر دستاویزی شواہد کے ساتھ اٹھانا ناگزیر ہے تاکہ خطے میں دہشت گردی کے محرکات کو بے نقاب کیا جاسکے۔
تاہم یہ حقیقت بھی پیش نظر رہنی چاہیے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف فوجی کارروائیوں سے نہیں جیتی جاسکتی۔ انٹیلی جنس نظام کی بہتری، دہشت گردوں کی مالی معاونت کے ذرائع کا خاتمہ، سیاسی استحکام، معاشی مضبوطی اور قومی یکجہتی اس جدوجہد کے بنیادی ستون ہیں۔ ریاست اور عوام کے درمیان اعتماد کی فضا قائم رکھنا بھی ضروری ہے تاکہ دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد کے لیے معاشرتی تقسیم اور محرومیوں سے فائدہ نہ اٹھا سکیں۔
پاکستان کسی ملک سے تصادم نہیں چاہتا۔ ہماری خواہش خطے میں امن، باہمی احترام اور خودمختار ریاستوں کے درمیان پرامن تعلقات کا قیام ہے۔ لیکن امن کی خواہش کو کمزوری سمجھنے والوں کو یہ جان لینا چاہیے کہ پاکستان اپنی سلامتی اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتا نہیں کر سکتا۔ اس ملک نے دہشت گردی کے خلاف جو قربانیاں دی ہیں وہ محض اعداد و شمار نہیں بل کہ ہزاروں خاندانوں کی زندگیوں کی داستان ہیں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ عالمی برادری پاکستان کے تحفظات کو سنجیدگی سے لے اور دہشت گردی کے خلاف اپنی ذمہ داریاں پوری کرے۔ کیونکہ

کسی کی پریشانی دور کرنا بھی عبادت ہے


تحریر: اختر علی مہر

انسانیت کی اصل خوبصورتی دوسروں کے کام آنے میں پوشیدہ ہے۔ زندگی میں بعض اوقات کسی انسان کو دولت، شہرت یا بڑے تحفے کی ضرورت نہیں ہوتی، بلکہ اسے صرف کسی کے چند ہمدردانہ الفاظ، تھوڑی سی توجہ یا مشکل وقت میں مدد کرنے والے ایک ہاتھ کی ضرورت ہوتی ہے۔ افسوس کہ ہم میں سے بہت سے لوگ استطاعت رکھنے کے باوجود دوسروں کی مدد سے صرف اس لیے گریز کرتے ہیں کہ اس میں ہمارا کیا فائدہ ہے۔
ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ ہر نیکی کا صلہ دنیا میں ملنا ضروری نہیں، کچھ اعمال ایسے ہوتے ہیں جن کا اجر اللہ تعالیٰ اپنی بارگاہ سے عطا فرماتا ہے۔ ممکن ہے آپ کسی پریشان حال شخص کا ایک کام چند منٹ میں کر دیں، لیکن وہی کام اس کے لیے کئی گھنٹوں کی آزمائش ختم کرنے کا سبب بن جائے۔ کسی ضرورت مند کی رہنمائی، بیمار کی عیادت، بھوکے کو کھانا کھلانا اور دکھی دل کو تسلی دینا بھی عظیم نیکیاں ہیں۔۔
قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ اور نیکی کرو، بے شک اللہ نیکی کرنے والوں سے محبت فرماتا ہے۔ سورالبقرہ:195۔ رسول اللہ ﷺ نے خدمتِ خلق کی عظمت بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی مدد میں رہتا ہے جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں رہتا ہے۔ صحیح مسلم: 2699 یہ حدیث ہمارے لیے ایک عظیم پیغام رکھتی ہے کہ دوسروں کی مشکلات آسان کرنے والا درحقیقت اپنے لیے اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مدد کا راستہ ہموار کرتا ہے۔ اس لیے نیکی کے لیے مالدار ہونا ضروری نہیں، اچھا اخلاق، نرم گفتگو اور خلوص بھرا رویہ بھی کسی کے لیے بہت بڑا سہارا بن سکتا ہے۔ آیئے آج ہم اپنے دلوں سے خودغرضی نکال کر یہ عہد کریں کہ جہاں کسی کی مدد کر سکتے ہوں، وہاں پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ کیونکہ ممکن ہے ہماری معمولی سی نیکی کسی کی زندگی میں امید کا چراغ روشن کر دے اور قیامت کے دن ہمارے لیے نجات کا ذریعہ بن جائے۔ یاد رکھیے، دوسروں کے چہروں پر مسکراہٹ بکھیرنے والے ہاتھ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کبھی بے قدر نہیں ہوتے۔

محبت کا خاموش استعارہ:۔نومبر، والدِ محترم کی سال گرہ کے موقع پر ایک بیٹی کے احساسات۔۔۔از قلم: نوشین ملک



زندگی کی کتاب میں کچھ رشتے ایسے ہوتے ہیں جن کی موجودگی محض ایک تعلق نہیں بل کہ ایک مکمل احساس ہوتی ہے۔ باپ بھی ایسا ہی ایک رشتہ ہے، ایک ایسا سائبان جس کی وسعت کا اندازہ دھوپ میں کھڑے ہوئے لوگوں کو ہوتا ہے۔ وہ اپنی ذات کی دھوپ میں جل کر اولاد کے لیے چھاں کا انتظام کرتا ہے۔ اس کی محبت کا شور نہیں ہوتا، اس کے جذبوں کی نمائش نہیں ہوتی مگر اس کی خاموشیوں میں بھی ایک پوری کائنات آباد ہوتی ہے۔
باپ کی شخصیت کو سمجھنے کے لیے شاید عمر کا ایک خاص مرحلہ طے کرنا پڑتا ہے۔ بچپن میں اس کی نصیحتیں پابندیاں محسوس ہوتی ہیں، جوانی میں اس کی خاموشی کبھی کبھی سختی دکھائی دیتی ہے مگر وقت گزرنے کے ساتھ احساس ہوتا ہے کہ جن باتوں کو ہم اپنی آزادی میں رکاوٹ سمجھتے رہے، وہ دراصل ہماری حفاظت کے گرد کھینچی گئی محبت کی ایک لکیر تھیں۔ باپ اپنی اولاد کے لیے صرف راستے نہیں بناتا بل کہ بعض اوقات خود راستوں کی دشواریاں اپنے حصے میں لے لیتا ہے تاکہ بچوں کے قدموں کو کم سے کم ٹھوکر لگے۔
نومبر میرے لیے ایک ایسی ہی محبت اور شکر گزاری کا دن ہے یعنی یہ دن میرے ابو کی سال گرہ کا دن ہے۔ میں جب اپنے ابو کی زندگی اور ان کی شخصیت پر غور کرتی ہوں تو محسوس ہوتا ہے کہ باپ ہونا محض ایک سماجی یا خاندانی ذمہ داری نہیں بل کہ ایثار، برداشت اور بے لوث محبت کا ایک طویل سفر ہے۔ اس سفر میں وہ اپنی خواہشوں کو اکثر مؤخر کرتا ہے، اپنی تھکن کو مسکراہٹ میں چھپاتا ہے اور اپنی پریشانیوں کا ذکر اس لیے نہیں کرتا کہ کہیں اولاد کے چہروں کی رونق ماند نہ پڑ جائے۔
ہم اکثر کامیابیوں کے پیچھے اپنی محنت کا ذکر کرتے ہیں لیکن ان دعاں، قربانیوں اور خاموش کوششوں کو بھول جاتے ہیں جو ہماری کامیابیوں کی بنیاد بنتی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اولاد کی شخصیت میں والدین کی تربیت کے نقوش ہمیشہ موجود رہتے ہیں۔ ہماری سوچ، ہمارے فیصلے، ہمارے رویے اور زندگی سے مقابلہ کرنے کا حوصلہ کہیں نہ کہیں انہی رشتوں کی دین ہوتا ہے۔
ہم محبت کرتے ہیں مگر کہتے نہیں۔ شکر گزار ہوتے ہیں مگر اظہار نہیں کرتے۔ شاید اسی لیے سال گرہ جیسے مواقع اہم ہوتے ہیں کہ یہ ہمیں اپنے پیاروں سے یہ کہنے کا موقع دیتے ہیں کہ ان کی موجودگی ہمارے لیے کتنی قیمتی ہے۔
ابو جان ! آپ کی سال گرہ پر میرے پاس الفاظ کی کوئی ایسی دولت نہیں جو آپ کی اہمیت کا مکمل احاطہ کر سکے۔ میں بس اتنا کہنا چاہتی ہوں کہ زندگی کی اس طویل مسافت میں آپ کا وجود میرے لیے ایک مضبوط حوالہ ہے۔ آپ کی خوشی میری خوشیوں میں شامل ہے اور آپ کی دعائیں میرے لیے دنیا کی بڑی سے بڑی کامیابی سے زیادہ قیمتی ہیں۔
میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و سلامتی، قلبی سکون اور خوشیوں بھری طویل زندگی عطا فرمائے۔ آپ کے چہرے کی مسکراہٹ ہمیشہ قائم رہے اور آپ کی زندگی کا ہر آنے والا سال محبتوں اور رحمتوں کا پیغام لے کر آئے۔
کیوں کہ باپ صرف ایک رشتہ نہیں ہوتا، وہ ایک ایسی چھت ہے جس کے نیچے اولاد عمر کے کسی بھی حصے میں خود کو محفوظ محسوس کرتی ہے۔
سال گرہ مبارک ہو ابو جان ! آپ کی موجودگی میری زندگی کی ان خوبصورت نعمتوں میں سے ہے جن پر جتنا شکر ادا کیا جائے، کم ہے۔
اللہ آپ کا سایہ ہمیشہ سلامت رکھے۔ آمین۔

لاہور میں سموگ کا بحران اور حکومتی دعوے: ناکامی کے اسباب


از قلم: ندیم یعقوب گوہر

لاہور، جو کبھی اپنے سرسبز باغات اور دلکش موسموں کی وجہ سے "باغوں کا شہر" کہلاتا تھا، اب بدقسمتی سے ہر سال سردی کی آمد کے ساتھ ہی دنیا کے طویل المدتی اور شدید ترین ماحولیاتی بحرانوں کی زد میں آ جاتا ہے۔ فضا میں زہریلے دھوئیں اور کہرے کا یہ ایسا غبار چھا جاتا ہے کہ سانس لینا محال ہو جاتا ہے، اور حالیہ ایئر کوالٹی انڈیکس (AQI) کی عالمی درجہ بندی میں لاہور ایک بار پھر دنیا بھر کے بڑے شہروں میں پہلے نمبر پر براجمان ہے۔ جب بھی سموگ کا یہ عذاب سر اٹھاتا ہے، تو حکومتی ایوانوں سے بڑے بڑے دعوے، ہنگامی اجلاسوں کا سلسلہ اور "زیرو ٹالرنس" کی پالیسیوں کے اعلانات شروع ہو جاتے ہیں۔ انتظامیہ کی جانب سے بتایا جاتا ہے کہ مصنوعی ذہانت سے لیس کیمرے فضا خراب کرنے والوں کی نگرانی کر رہے ہیں، بھٹوں اور فیکٹریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، اور سڑکوں پر اینٹی سموگ گنز سے پانی کا چھڑکا کیا جا رہا ہے۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان تمام دعوں، اعلانات اور کاغذی کارروائیوں کے باوجود آخر سموگ پر قابو کیوں نہیں پایا جا سکا؟ اس کے پیچھے کون سے پوشیدہ عوامل اور تلخ زمینی حقائق کارفرما ہیں، جن پر قابو پانا حکومت کے لیے تاحال ایک معمہ بنا ہوا ہے۔
اسموگ کوئی ایک دن میں پیدا ہونے والا مسئلہ نہیں ہے، بلکہ یہ کئی دہائیوں کی پالیسی غلطیوں، انتظامی کمزوریوں اور ماحولیاتی غفلت کا مجموعی نتیجہ ہے۔ سب سے پہلا اور اہم محرک صنعتی اخراج اور پرانی ٹیکنالوجی کا تسلسل ہے۔ لاہور کے گردونواح اور پنجاب کے صنعتی زونز میں آج بھی ہزاروں ایسی فیکٹریاں اور کارخانے دھڑلے سے کام کر رہے ہیں جو آلودگی کو روکنے والے جدید آلات سے عاری ہیں۔ اگرچہ محکمہ ماحولیات وقتاً فوقتاً چند کارخانے سیل کرنے کی تصاویر اخبارات کی زینت بناتا ہے، لیکن کرپشن، سیاسی اثر و رسوخ اور کمزور فالواپ کی وجہ سے بہت سے یونٹس معمولی جرمانے بھر کر یا جرمانوں سے بچ کر دوبارہ اسی روش پر لوٹ آتے ہیں۔ اینٹوں کے بھٹوں کو زگ زیگ ٹیکنالوجی پر منتقل کرنے کے بڑے بڑے دعوے کیے گئے، لیکن چھوٹے درجے کے بھٹہ مالکان کے پاس یا تو مالی وسائل کی کمی ہے یا پھر وہ نگران اداروں کی آنکھ میں دھول جھونک کر روایتی طریقے سے کالا دھواں فضا میں چھوڑتے رہتے ہیں۔
صنعتی آلودگی کے علاوہ، شہر میں چلنے والی لاکھوں کی تعداد میں پرانی، خستہ حال اور بغیر فٹنس سرٹیفکیٹ کے کمرشل گاڑیاں، رکشے اور ٹرک اس بحران کو مزید سنگین بناتے ہیں۔ پبلک ٹرانسپورٹ کا ایک مؤثر اور مربوط نظام نہ ہونے کی وجہ سے عوام مجبوراً اپنی ذاتی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں پر انحصار کرتے ہیں، جس سے سڑکوں پر ٹریفک کا اژدحام اور زہریلے دھوئیں کا اخراج بڑھ جاتا ہے۔ دوسری طرف، زرعی شعبے میں فصلوں کی باقیات جلانے کا رجحان بھی مکمل طور پر ختم نہیں ہو سکا۔ اگرچہ حکومت نے کوئیک رسپانس یونٹس تعینات کرنے کا دعویٰ کیا ہے، لیکن کسانوں کے پاس متبادل انتظام نہ ہونے یا جدید مشینری کی عدم دستیابی کے باعث یہ مسئلہ جوں کا توں برقرار ہے، اور اس کے ساتھ ساتھ سرحد پار سے آنے والی آلودہ ہوائیں لاہور کے ماحول کو مزید گھٹن زدہ کر دیتی ہیں۔
شہر کا بے ہنگم شہری پھیلاؤ اور تعمیراتی سرگرمیاں بھی اس بحران میں برابر کی شریک ہیں۔ ہاسنگ سوسائٹیز کے نام پر درختوں کی اندھادھند کٹائی کی گئی اور کھلی زمینوں کو کنکریٹ کے جنگلات میں تبدیل کر دیا گیا، جس سے شہر کا قدرتی ماحول اور آکسیجن پیدا کرنے کا نظام تباہ ہو گیا۔ تعمیراتی مقامات سے اڑنے والی سیمنٹ اور مٹی کی دھول فضا میں موجود ذرات کی مقدار کو خطرناک حد تک بڑھا دیتی ہے۔ اس تمام صورتحال میں حکومتی دعوں اور زمینی نفاذ کے درمیان ایک بہت بڑا خلیج پایا جاتا ہے۔ کاغذی کارروائی میں ہزاروں انسپکشنز، نوٹسز اور لاکھوں روپے کے جرمانے ضرور دکھائے جاتے ہیں، لیکن زمینی سطح پر نفاذ کمزور نظر آتا ہے۔ زیادہ تر کارروائیاں موسمی اور وقتی ہوتی ہیں؛ جب میڈیا اور عدلیہ کا دباؤ بڑھتا ہے تو انتظامیہ حرکت میں آ جاتی ہے، لیکن جیسے ہی سردیوں کا سیزن گزرتا ہے، معاملات دوبارہ پرانی ڈگر پر آ جاتے ہیں۔ انوائرمنٹ پروٹیکشن ایجنسی کے پاس نہ تو اتنی افرادی قوت ہے اور نہ ہی تکنیکی وسائل کہ وہ صوبے کے ہر کونے میں پھیلی فیکٹریوں کی مستقل نگرانی کر سکے۔
اس سب کے نتیجے میں جو نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے، وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں۔ ایئر کوالٹی انڈیکس جب چار سو یا پانچ سو کی خطرناک حد کو چھوتا ہے، تو یہ صرف ایک نمبر نہیں ہوتا بلکہ لاہور کے کروڑوں شہریوں کے پھیپھڑوں پر ایک کاری ضرب ہوتا ہے۔ اس زہریلی فضا میں سانس لینا گویا زہر کو براہ راست جسم میں اتارنا ہے۔ عام شہریوں سے لے کر بزرگوں، بچوں اور دمے کے مریضوں تک سبھی اس آلودگی کی لپیٹ میں آ کر اسپتالوں کا رخ کرتے ہیں۔ آنکھوں میں جلن، گلے کی خرابی، سینے کی جکڑن اور دائمی کھانسی گھر گھر کا قصہ بن چکی ہے۔
اب وقت آ گیا ہے کہ محض بیانات، سکولوں کی عارضی بندش اور مصنوعی بارش جیسے سطحی و عارضی اقدامات سے باہر نکل کر ایک سنجیدہ اور پائیدار طویل المدتی حکمت عملی اپنائی جائے۔ جب تک شہر میں پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو جدید اور الیکٹرک بسوں پر منتقل نہیں کیا جاتا، شہر کے اندر موجود صنعتوں کو متبادل زونز میں نہیں ڈالا جاتا، اور شجرکاری کو تحریک کی شکل نہیں دی جاتی، تب تک حکومتی دعوے محض کاغذی شیر ہی رہیں گے۔ لاہور کے باسیوں کا یہ بنیادی حق ہے کہ وہ صاف ہوا میں سانس لیں، اور اس کے لیے انتظامیہ کو مصلحتوں سے بالاتر ہو کر ایک بے رحمانہ اور مستقل ماحولیاتی انفورسمنٹ نظام نافذ کرنا ہوگا، ورنہ ہر سال یہی کہانیاں دہرائی جاتی رہیں گی اور ہم زہریلے دھوئیں کی چادر اوڑھ کر جینے پر مجبور رہیں گے۔

افسانہ: خوابوں میں لوٹتا میرا بھائی۔۔۔۔تحریر: راشد وسیر (اوکاڑا)



جب میں نیند سے بیدار ہوا تو میری نگاہ بے اختیار آسمان پر چمکتے سورج کی طرف اٹھ گئی۔ سورج آج کچھ بدلا بدلا سا دکھائی دے رہا تھا، جیسے اس کی روشنی میں کوئی نیا رنگ گھل گیا ہو۔ اس کی سنہری کرنیں میرے کمرے کے ساتھ واقع پارک میں کھڑے قد آور درختوں کے پتوں پر پڑ رہی تھیں، تو وہ پتے ایک گہری اور پراسرار چمک سے دمکنے لگتے تھے۔ یوں محسوس ہوتا تھا جیسے فطرت نے آج کوئی نیا لباس زیب تن کر لیا ہو اور کائنات کی ہر شے خاموشی سے کسی ان کہی داستان کا پتا دے رہی ہو۔
مگر میرے دل میں چھائی ہوئی بے چینی کا سبب سورج کی یہ انوکھی روشنی نہیں تھی۔ آج نہ جانے کیوں مجھے محسوس ہو رہا تھا کہ کچھ ہونے والا ہے؛ کچھ ایسا جو روزمرہ کی زندگی سے یکسر مختلف ہوگا، جو میرے معمولات کو بدل کر رکھ دے گا۔ میں غیر معمولی طور پر جلدی اسکول جانے کے لیے بے تاب تھا۔ دل میں ایک انجانی سی جستجو بیدار ہو چکی تھی۔ اور میں اپنے ہر کام کو وقت پر، پوری ذمہ داری اور اہتمام کے ساتھ انجام دینا چاہتا تھا۔
حیرت کی بات یہ تھی کہ آج مجھے ابو کی آواز نے نہیں، بلکہ میری اپنی مرضی سے جگا تھا۔
ورنہ روز کا معمول تو یہ تھا کہ ابو دو تین مرتبہ آواز دیتے، تب کہیں جا کر میری آنکھ کھلتی۔
سمیع یار ! اٹھ گئے ہو؟
ابو کی آواز میرے کانوں میں پڑتی تو میں نیند سے بوجھل لہجے میں جواب دیتا، جی ابو جی، جاگ رہا ہوں۔
مگر حقیقت یہ تھی کہ جاگنے کا دعویٰ کرنے کے باوجود میری آنکھوں پر نیند کا غلبہ برقرار رہتا۔ میں پھر سے چادر اوڑھ کر لیٹ جاتا، جیسے ابو کو جواب دینا ہی میری ذمہ داری کا آخری مرحلہ ہو۔
کچھ دیر بعد پھر آواز آتی۔
سمیع ! او سمیع!
میں فوراً جواب دیتا، جی ابو جی!
ابو کہتے، یار سمیع ! اب اٹھ بھی جا۔۔
مگر آج کی صبح کچھ مختلف تھی۔
میں نے بیدار ہوتے ہی اپنا بستہ کھول کر دیکھنے لگا۔ کہیں ہوم ورک ادھورا تو نہیں،
اسی اثنا میں امی جی کی آواز سنائی دی۔
سمیع ! ناشتہ تیار ہے۔
میں نے کتابیں سمیٹیں، بستہ درست کیا اور ناشتہ کرنے جا بیٹھا۔ ہم چاروں بھائیوں نے اکٹھے ناشتہ کیا اور اپنے اپنے بستے اٹھا کر اسکول کی راہ لی۔
اسکول کے دروازے پر پہنچے تو معلوم ہوا کہ ابھی گیٹ بند ہے۔ ہم چاروں بھائی معمول سے پہلے پہنچ گئے تھے، ابھی تک دروازہ کسی نے نہیں کھولا تھا۔
ہم دروازہ کھولنے کا انتظار کرنے لگے۔
ابھی میں اسی انتظار میں کھڑا تھا کہ دور سے استاد اجمل صاحب آتے دکھائی دیے۔
انہیں دیکھتے ہی میرے دل کی دھڑکن کچھ تیز ہو گئی۔ استاد اجمل صاحب وہی استاد تھے جن سے بچنے کے لیے میں اکثر جماعت میں دوسرے لڑکوں کے پیچھے چھپ جایا کرتا تھا۔ کبھی کسی بہانے سے اپنی جگہ بدل لیتا، کبھی یوں ظاہر کرتا جیسے کسی کام میں مصروف ہوں، تاکہ ان کی نظر مجھ پر نہ پڑے۔
وہ میرے قریب پہنچے تو میں نے ہچکچاتے ہوئے آگے بڑھ کر سلام کیا اور مدبانہ انداز میں ان سے بات کرنے لگا۔ ان کی ہر بات پر اثبات میں سر ہلاتے رہا۔ سکول کھلتے ہی ہم سب اپنی اپنی کلاس میں چلے گئے۔
دیکھتے ہی دیکھتے سکول میں آدھا دن گزر گیا۔ تفریح کا وقت قریب آیا تو میں نے اپنا بستہ سمیٹنا شروع کر دیا۔ اسی دوران گھنٹی بج اٹھی۔
چونکہ میرا گھر اسکول کے بالکل ساتھ تھا، اس لیے میں نے سوچا کہ گھر کا ایک چکر لگا آں۔
گھر میں داخل ہوا تو دیکھا کہ سب اہلِ خانہ پنکھے کے نیچے اکٹھے بیٹھے خوش گپیوں میں مصروف ہیں۔ سب کے چہروں پر مسکراہٹیں بکھری ہوئی تھیں۔ ماحول میں ایک ایسی خوشی تھی جس کی وجہ میری سمجھ میں نہیں آ رہی تھی۔
میں نے سب کو سلام کیا اور ان کے ساتھ بیٹھ گیا۔
امی جی نے پوچھا، چھٹی ہوگئی؟
میں نے جواب دیا، ابھی تو تفریح ہوئی ہے۔
سوچا، گھر کا ایک چکر لگا آؤں۔
ابھی ہماری بات جاری تھی کہ بڑی بہن ہاتھ میں پانی کا گلاس لیے جلدی سے میرے پاس آ پہنچی۔ اس کے انداز میں عجلت نمایاں تھی۔
وہ بولی، آج آپ کا استاد پہنچ آیا ہے!
اب تمہاری وہ کلاس لے گا۔
میں نے حیرت سے پوچھا، کون؟
اسی لمحے دوسری طرف سے ابو کی آواز سنائی دی:
تمہارا ابھرا عمرہ پہنچ آیا ہے۔
یہ سنتے ہی میرے دل میں خوشی کی ایک لہر دوڑ گئی۔
عمر بھائی!
میرا) فوجی (بھائی عمر!
کئی مہینوں بعد انہیں فوج سے چھٹی ملی تھی اور وہ ہم سب سے ملنے کے لیے گھر آ پہنچے تھے۔
عمر بھائی کی آمد میرے لیے ہمیشہ سے خاص اہمیت رکھتی تھی۔ میں ان کے سامنے خود کو اپنے دوسرے بھائیوں سے کچھ بہتر محسوس کرتا تھا، کیونکہ میں کوشش کرتا کہ ان کی توقعات پر پورا اتروں۔ اپنی پڑھائی، روزمرہ کے معمولات اور رویے میں اس بات کا خیال رکھتا کہ انہیں مجھ سے شکایت کا موقع نہ ملے۔
دوسری طرف، میرے باقی بھائیوں کے لیے عمر بھائی کی آمد خوشی کے ساتھ ایک خطرے کی گھنٹی بھی تھی۔ وہ جانتے تھے کہ اب ان کی آوارہ گردیوں اور من مانیوں پر قدغن لگنے والی ہے۔ اب نہ صرف ان کی پڑھائی پر توجہ دی جائے گی بلکہ ان سے گھر کے کام بھی لیے جائیں گے۔
تفریح کا وقت ختم ہونے کو تھا، اس لیے میں واپس اسکول چلا گیا۔ وہاں پہنچ کر میں نے اپنے بھائیوں کو خوش خبری سنائی کہ عمر بھائی چھٹی لے کر گھر آ گئے ہیں۔
خبر سنتے ہی سب خوش ہوئے، مگر ان کے چہروں پر خوشی کے ساتھ ایک انجانا سا خوف بھی نمایاں تھا۔
اسکول سے چھٹی ہوئی تو ہم چاروں بھائی اکٹھے گھر کی طرف روانہ ہوئے۔ راستے بھر ایک دوسرے کو نصیحت کرتے رہے کہ کوئی بھی کسی کی شکایت عمر بھائی سے نہیں کرے گا۔ ہم سرگوشیاں کرتے گھر پہنچ گئے۔
گھر میں داخل ہوتے ہی سامنے دیکھا کہ عمر بھائی ہمارے انتظار میں بیٹھے تھے۔
انہیں دیکھتے ہی ہمارے دل خوشی سے بھر گئے۔
ہم سب ان کے گرد بیٹھ گئے۔ باتوں کا سلسلہ شروع ہوا تو ہنسی مذاق سے گھر گونج اٹھا۔ یوں لگتا تھا جیسے گھر کی دیواریں بھی ان کی واپسی پر خوش ہو رہی ہوں۔
اسی دوران عمر بھائی نے مجھے آواز دی۔
سمیع ! جا، مٹھائی لے آ۔
میں فوراً مٹھائی لینے چلا گیا۔ واپس آیا تو چائے بھی تیار ہو چکی تھی۔ سب اکٹھے بیٹھ کر چائے پینے، گپ شپ کرنے

[illegible]

کسی موڑ سے ان کا مانوس چہرہ دکھائی دے گا، جیسے ابھی دور سے ان کی آواز سنائی دے گی اور گھر ایک بار پھر خوشیوں سے بھر جائے گا۔
مگر راستے خاموش تھے۔
وقت گزر چکا تھا، اور اس کے ساتھ زندگی کے کئی منظر بھی کہیں پیچھے رہ گئے تھے۔
میں نے ایک آخری نگاہ ان راستوں پر ڈالی اور دھیرے دھیرے واپس گھر کی طرف چل پڑا۔
میں گھر واپس آ گیا، مگر میرا دل اب بھی اسی راستے پر کھڑا تھا، جہاں سے کبھی میرا بھائی) فوجی (عمر آیا کرتا تھا۔

تاج بچاؤ جھوٹ، تاریخ کے بھیانک فریب۔۔۔۔۔۔از قلم: محمد نسیم رنزوریار



قارئین کرام، تاریخِ عالم کے اوراقِ سیاہ پر جب نظر دوڑائی جائے تو ایک ہیبت ناک حقیقت عیاں ہوتی ہے کہ فرعونِ مصر کا وہ لرزہ خیز جھوٹ کہ میں ہی تمہارا سب سے بڑا رب ہوں دراصل کرسی کے تحفظ کا پہلا اور قدیم ترین حربہ تھا، اسی جھوٹ کی بنیاد پر ہزاروں سال تک نیل کے کنارے معصوم شیر خوار بچوں کا گلا گھونٹ کر اقتدار کو دوام بخشا گیا، پھر یونان و روم کے نیرو جیسے مجنوں حکمرانوں نے روما کو آگ میں جھونک کر بنسری بجائی اور جھوٹ بولا کہ تماشہ ہی اصل تہذیب ہے۔ وسطی ایشیا کی وحشی آندھی چنگیز خان اور ہلاکو خان نے بغداد کی گلیوں میں لاکھوں سروں کے منار بنا کر یہ فریب پھیلایا کہ ہم خدا کا بھیجا ہوا عذاب ہیں ہمارے سامنے جھک جاتو نجات ہے ورنہ فنا ہو جاگے، اسی نفسیاتی جھوٹ پر بڑے بڑے قلعے بغیر تلوار اٹھائے فتح ہوتے چلے گئے اور دجلہ و فرات کا پانی کتابوں کی سیاہی اور شہیدوں کے خون سے سرخ و سیاہ ہو گیا۔ جدید تاریخ کا سب سے سفاک جھوٹ ہٹلر نے 1933 میں ریخسٹاگ کو خود آگ لگا کر بولا کہ یہ یہودیوں اور کمیونسٹوں کی سازش ہے، اسی ایک جھوٹ پر ایمرجنسی نافذ کر کے اپوزیشن کو زنداں میں ڈالا گیا اور پھر آریہ نسل کی برتری کا وہ زہریلا فریب گھڑا گیا جس نے ہولوکاسٹ کے گیس چیمبرز میں لاکھوں بے گناہ انسانوں کو بھسم کر دیا اور دنیا کو دوسری جنگِ عظیم کی ہولناک آگ میں جھونک دیا، اسی طرز پر سٹالن نے جھوٹ گھڑا کہ قحط کا ذمہ دار کسان ہے جو اناج چھپا رہا ہے اور اسی بہانے 60 لاکھ کسانوں کو سائبیریا کی برف میں دفن کر کے یوکرین میں 40 لاکھ انسانوں کو بھوک سے تڑپا تڑپا کر مارا گیا۔ برطانوی سامراج نے اس سے بھی بڑا تہذیبی جھوٹ بولا کہ ہم ایشیا اور افریقہ کو مہذب بنانے اور وحشیوں کو انسان بنانے آئے ہیں، اسی سفید جھوٹ کی آڑ میں 200 سال تک برصغیر سمیت آدھی دنیا کو لوٹا گیا، زنجیروں میں جکڑا گیا اور اس کی دولت لندن و پیرس لے جائی گئی۔ اکیسویں صدی میں جارج بش اور ٹونی بلیئر نے اقوام متحدہ کے ایوان میں کھڑے ہو کر وہ تاریخی جھوٹ بولا کہ عراق کے پاس تباہی کے ہتھیار WMD ہیں، اسی جھوٹ پر عراق کو تاراج کیا گیا، دس لاکھ سے زائد عراقی خون میں نہلائے گئے اور بعد میں امریکی کانگریس نے خود اعتراف کیا کہ وہاں ایسا کچھ تھا ہی نہیں، یہ تیل اور اقتدار کی ہوس کا صدی کا سب سے مہنگا جھوٹ تھا، اس سے پہلے 1964 میں امریکی صدر لنڈن جانسن نے خلیج ٹونکن کا وہ من گھڑت جھوٹ ایجاد کیا کہ شمالی ویتنام نے ہمارے جہازوں پر حملہ کیا ہے حالانکہ ایسا کوئی حملہ ہوا ہی نہیں تھا، اسی جھوٹ پر 20 سالہ ویتنام جنگ مسلط کی گئی جس میں 30 لاکھ نفوس لقمہ اجل بنے اور 2005 میں خفیہ دستاویزات نے ثابت کیا کہ یہ سب فریب تھا۔ آج بھی ہر شکست خوردہ بادشاہ اور ہر کرسی پرست سیاستدان کا آخری حربہ وہی پرانا جھوٹ ہے کہ الیکشن چوری ہو گیا ہے، بیرونی سازش ہوگئی ہے، ووٹ پر ڈاکہ پڑا ہے، نیرو سے لے کر آج تک تاج بچا مہم کا یہی نسخہ ہے کہ سچ کو دفن کر دو اور جھوٹ کا تاج پہن لو، مگر کائنات کا اٹل قانون یہی ہے کہ ہر فرعون کے لیے موسیٰ ہے، ہر یزید کے لیے حسینیت کی للکار ہے، جھوٹ پر کھڑا تخت چاہے فرعون کا ہو، نمرود کا، ہٹلر کا، چنگیز کا، سٹالن کا یا بش کا، وہ ریت کا محل ہے جو مظلوموں کے لہو کی گرمی سے ٹوٹ کر بکھر جاتا ہے، تازیانے ٹوٹ جاتے ہیں اور تاج خاک میں مل جاتے ہیں، یہی قضا ہے، یہی انجام ہے۔

بقیہ نمبر 1 ☆☆☆

قانون کی حکمرانی کے لیے سنگین خطرہ ہے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے کہا کہ 1973 کا متفقہ آئین ہر شہری کو آزادی اظہار کا بنیادی حق فراہم کرتا ہے اور اس حق کا تحفظ ایک جمہوری ریاست کی آئینی و اخلاقی ذمہ داری ہے

بقیہ نمبر 2 ☆☆☆

پارٹیز کا فورم اور سی پیک جوائنٹ کنسلٹیشن میکانزم اہم پلیٹ فارم ہیں، چین نے کروڑوں افراد کو غربت سے نکالا، جو عالمی سطح پر ایک تاریخی شراکت ہے، پاکستان، چین سٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری باہمی اعتماد، احترام اور تعاون پر قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین اور پاکستان کی سیاسی پارٹیوں کے درمیان تعاون قائم ہے، پاکستان اور چین کے درمیان سیاسی مشاورت کا میکانزم موجود ہے، ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کرنے کا سلسلہ جاری رکھیں گے، چین کے ساتھ شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ سی پیک سیاسی جماعتوں کے مشترکہ مشاورت میکانزم کے تحت مزید مستحکم ہوگا، پاکستان اور چین کی دوستی ہمالیہ سے بلند اور سمندر سے گہری ہے، عوام کی فلاح اور پارٹی کی اصل روح پر توجہ شی جن پنگ سوچ کا بنیادی نکتہ ہے

بقیہ نمبر 3 ☆☆☆

کا رواج بھی ختم ہو چکا ہے۔ سالک حسین جس تھالی میں کھا رہے ہیں، اسی میں چھید نہ کریں۔ بیان بازی کرنے کے بجائے انہیں شافع حسین سے حقائق معلوم کر لینے چاہئیں تھے۔ وزیر اطلاعات نے کہا ان کی حکومت نے گجرات کی تاریخ میں پہلی مرتبہ 12 ارب روپے خرچ کیے ہیں۔ گجرات میں جو ترقیاتی کام کئی دہائیاں پہلے ہو جانے چاہئیں تھے، وہ بھی مریم نواز کی حکومت نے کر کے دکھائے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب حکومت کی پالیسی واضح ہے کہ صوبے کے ہر شہر، ہر علاقے اور ہر شہری کو ترقی کے یکساں مواقع اور وسائل میں جائز حصہ ملنا چاہیے۔ حکومت کسی علاقے کو سیاسی وابستگی یا پسند ناپسند کی بنیاد پر نظرانداز نہیں کر رہی۔

بقیہ نمبر 4 ☆☆☆

ہے۔ انہوں نے امریکا پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 2 برس کے دوران امریکا نے نا صرف کوئی سفارتی اقدام پیش کرنے میں ناکامی دکھائی بلکہ سفارتی عمل کو فعال طور پر نقصان بھی پہنچایا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان نے اسرائیل کو مغربی ایشیا میں عدم تحفظ کی بنیادی وجہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل نے غزہ اور لبنان میں اپنے مظالم میں مزید شدت پیدا کر دی ہے،

سرد موسم کی آمد کے پیش نظر بے گھر افراد تک زندگی کی بنیادی ضروریات کی اشیا کی رسائی میں رکاوٹوں نے ان کی صورتِ حال کو تباہ کن حد تک پہنچا دیا ہے۔ اسماعیل بقائی کے مطابق عالمی برادری اور یورپی ممالک غزہ کی صورت حال کے حوالے سے بے حسی کا مظاہرہ کرنے لگے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ انسانی زندگیوں کو محض اعداد و شمار تک محدود کر دینا اور مظالم کو معمول کی بات سمجھنا ایک انتہائی خطرناک رجحان ہے، جو انسانی ضمیر کے لیے سنگین خطرہ بن چکا ہے

بقیہ نمبر 5 ☆☆☆

شادی کی تقریب اسلام آباد کے بڑے ہوٹل میں منعقد ہوئی، جس کی تصاویر منظر عام پر آ گئیں۔ تقریب میں چیئرمین سینیٹ، اسپیکر پنجاب اسمبلی، اپوزیشن و حکومتی ارکان اسمبلی شریک ہوئے، لڑکے والوں کی طرف سے شادی میں جنرل) ر (قمر باجوہ نے بھی شرکت کی۔ پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر، بیرسٹر گوہر نے تقریب کے دوران جنرل) ر (قمر باجوہ سے ملاقات کی۔ شیری رحمٰن، نیئر بخاری، پرویز خٹک، فواد چوہدری، اسد عمر، عمران اسماعیل نے بھی شادی کی تقریب میں شرکت کی۔

بقیہ نمبر 6 ☆☆☆

حکام کے مطابق یہ کارروائیاں دفاعی نوعیت کی اور محدود ہیں، جن کا مقصد امریکی اثاثوں کو ایرانی میزائل حملوں سے محفوظ رکھنا ہے۔ خبر رساں ادارے کے مطابق ایک امریکی عہدیدار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ جزیرہ قشم پر امریکی حملے بڑے پیمانے پر فوجی کارروائیوں کے دوبارہ آغاز کی اشارہ نہیں ہیں۔ ایک دوسرے امریکی عہدیدار نے کہا کہ یہ حملے ایرانی جانب سے امریکی تنصیبات اور اثاثوں کے خلاف زمین سے فضا میں مار کرنے والے میزائلوں کے استعمال کے جواب میں کیے گئے۔ اس سے قبل پیر کو ایران کے سرکاری خبر رساں ادارے ارنا نے جزیرہ قشم میں متعدد دھماکوں کی اطلاع دی تھی۔ بعدازاں امریکی حکام نے جزیرے پر حملوں کی تصدیق کی۔ امریکی نشریاتی ادارے فاکس نیوز نے بھی حکام کے حوالے سے بتایا کہ یہ کارروائیاں دفاعی نوعیت کی تھیں اور ایران کی جانب سے ایک امریکی طیارے پر فائرنگ کے جواب میں کی گئیں۔ امریکی حکام کے بیانات کے مطابق حملوں کا مقصد فوری خطرات کا جواب دینا تھا، تاہم جزیرہ قشم پر ہونے والے حملوں کی مکمل تفصیلات اور ممکنہ نقصانات سے متعلق معلومات تاحال سامنے نہیں آ سکیں۔

بقیہ نمبر 7 ☆☆☆

میں بے پناہ اور قابل قدر قربانیاں دی ہیں، گزشتہ

چار انتخابات میں عوام نے کبھی متعصبانہ گفتگو نہیں کی بلکہ تعمیراتی اور علاقے کی بہتری کے مطالبے کیے، راولاکوٹ میں نقل و حرکت متاثر ہونے کے باعث تعلیمی نظام شدید متاثر اور مریضوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے چند لوگوں کی وجہ سے ہم اپنی آنے والی نسل کا نقصان کیوں کر رہے ہیں؟ انہوں ن ے کہا کہ ریاست کو نقصان پہنچانے والا کوئی بھی عمل بہتری کے لیے نہیں ہو سکتا، تین گھنٹے فائرنگ کرنے والے عناصر پرامن احتجاج کا دعویٰ کیسے کر سکتے ہیں؟ جو عناصر بچوں کے اسکولوں اور مریضوں کے اسپتالوں تک رسائی میں رکاوٹ ڈالیں، ان کی تحریک پرامن نہیں ہو سکتی۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ کشمیر میں گورننس کا کوئی بھی مسئلہ اس حد تک سنگین نہیں کہ اس کے لیے امن و امان خراب کیا جائے، راولاکوٹ کے عوام پرامن رہیں، حکومت علاقے کی بہتری کے لیے پرعزم ہے

بقیہ نمبر 8 ☆☆☆

پرامن اور قانونی طریقے سے جلسہ کرے، جلسے کے انعقاد کی خواہش مند تمام سیاسی جماعتوں کو پہلے متعلقہ حکام سے اجازت لینا ہوگی تاہم شاہراہ فیصل پر کسی بھی سیاسی جماعت کو جلسہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ ایم کیو ایم کو بارہ مئی جیسے واقعات دہرانے کی اجازت نہیں دی جائے گی، تمام سیاسی جماعتوں کو آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے سیاسی سرگرمیاں انجام دینے کی مکمل آزادی ہے، کوئی بھی فریق حکومت پر اپنا فیصلہ مسلط نہیں کر سکتا، ہم کسی صورت تصادم اور بدامنی کی فضا پیدا نہیں ہونے دیں گے۔ سینئر صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور سندھ حکومت صوبائی خودمختاری اور صوبوں کے حقوق کے حوالے سے اپنا مؤقف واضح کر چکی ہیں، سندھ اسمبلی سے بالاتر کوئی قانون یا فیصلہ نہیں ہو سکتا، سندھ کی منتخب صوبائی اسمبلی اس معاملے پر اپنا فیصلہ دے چکی ہے، ملک میں آئین اور قانون موجود ہیں اور ان کی بالادستی ہر صورت مقدم ہے۔ شرجیل میمن نے کہا کہ سندھ کابینہ نے سرکاری گندم کی ریلیز پرائس 5 ہزار روپے سے کم کر کے 4 ہزار 500 روپے فی 40 کلوگرام کرنے کی منظوری دے دی ہے، نئی قیمت کی وجہ سے آٹا 17 روپے فی کلو سستا ہونا شروع ہوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ کابینہ نے لیڈی ڈفرن اسپتال ٹرسٹ کو سندھ ٹرسٹ ایکٹ 2020 کے تحت رجسٹر کرنے کی بھی منظوری دی ہے۔ ضلع جامشورو کی پانچ ترقیاتی اسکیموں کے لیے 502.409 ملین روپے کے اضافی فنڈز کی بھی منظوری دے دی گئی۔ سندھ کابینہ نے نوابشاہ ٹان، ضلع شہید بینظیر آباد میں واٹر سپلائی اور ڈرینج سسٹم کی بہتری کے لیے 2 ارب 99 کروڑ 34 لاکھ 26 ہزار روپے کی لاگت سے اسکیم کی بھی منظوری دے دی۔ شرجیل میمن نے کہا کہ کچی آبادیوں سے متعلق کابینہ کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے جو کچی آبادیوں کے معاملات کے حل کیلئے ون ونڈو آپریشن سے متعلق قوانین اور تجاویز مرتب کرے گی۔ شرجیل میمن نے کہا کہ ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کے لیے سخت اقدامات کیے جا رہے ہیں، شہر میں ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے ٹریفک مینجمنٹ اتھارٹی قائم کی جائے گی، کراچی میں اسمارٹ ٹریفک مینجمنٹ سسٹم متعارف کرایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 9 ☆☆☆

ہر شہر اور ہر علاقے میں ورکرز کی تنخواہ کی بروقت ادائیگی یقینی بنانے کا بھی حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر ڈپٹی کمشنرز سے صفائی کیلئے درکار مشینری کی ڈیمانڈ اور سیلف آپریشن کے ذریعے ہونے والی بچت کا حتمی ریکارڈ بھی طلب کر لیا۔ اجلاس میں خالی پلاٹ پر کوڑا کرکٹ نظر آنے پر مالکان کو جرمانہ عائد کرنے پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں ملتان، راجن پور، ڈیرہ غازی خان، حافظ آباد، مظفر گڑھ اور دیگر اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے رپورٹ پیش کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ڈپٹی کمشنرز کو متعلقہ اضلاع میں مشینری اور آلات کی فزیکل تصدیق کی ہدایت کی اور ایک ہفتے کے بعد ستھرا پنجاب کی فالواپ میٹنگ طلب کر لی۔ دریں اثنا وزیراعلیٰ کا دیہی خواتین کے لئے ٹیکسٹائل ٹریننگ کے لئے شی تھریڈ "پروگرام کامیابی سے جاری ہے جس کے تحت 1150 دیہی خواتین ٹیکسٹائل ٹریننگ مکمل کر کے برسر روزگار ہو چکی ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے جون تک 2500 دیہی خواتین کی ٹیکسٹائل ٹریننگ کا ہدف مقرر کیا ہے۔ وزیراعلیٰ کی ہدایت پر گاؤں کی خواتین کو ٹیکسٹائل ٹریننگ کے ساتھ ماہانہ 15 ہزار روپے وظیفہ بھی ملے گا۔ "شی تھریڈ" ٹریننگ کی تکمیل کے بعد ٹیکسٹائل انڈسٹری میں روزگار بھی فراہم کیا جائے گا۔ محکمہ وومن ڈویلپمنٹ کے زیراہتمام "شی تھریڈ" پروگرام کے تحت لاہور میں دیہی علاقوں کی خواتین کی رجسٹریشن شروع کر دی گئی ہے۔ "شی تھریڈ" پروگرام میں دیہی خواتین کو انڈسٹریل سلائی مشین آپریٹر اپیرل سپروائزر ٹریننگ دی جائے گی۔ علاوہ ازیں صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز نے کہا صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان، سچائی کے علمبردار ہیں۔ انہوں کہا حق سچ کی آواز اٹھانے والے صحافیوں پر ظلم و تشدد بند ہونا چاہیے۔

بقیہ نمبر 10 ☆☆☆

شراکت داری کا آغاز کیا ہے، جس کے ذریعے باصلاحیت پاکستانیوں کو برطانیہ کی ممتاز یونیورسٹیوں میں مکمل مالی معاونت کے ساتھ ماسٹرز ڈگریاں حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔ الائیڈ بینک پاکستان میں مقامی سطح پر فنڈز فراہم کرنے والی پہلی ایسی تنظیم ہے جس نے چیوننگ اسکالرشپ کے لیے شراکت داری قائم کی ہے۔ اس اقدام کے ذریعے برطانیہ کا اہم ترین بین الاقوامی اسکالرشپ پروگرام اور پاکستان کا نجی شعبہ) پرائیویٹ سیکٹر (ایک ساتھ مل کر پاکستانی رہنماں کی اگلی نسل میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔ چیوننگ پروگرام 140 سے زائد اداروں کے ساتھ شراکت داری رکھتا ہے، جن میں نجی کمپنیاں، غیر سرکاری تنظیمیں (NGOs)، غیر ملکی سرکاری محکمے اور برطانوی یونیورسٹیاں شامل ہیں۔ چیوننگ-اے بی ایل (ABL) اسکالرشپ کے تحت، 2027-28 سے شروع ہونے والے تین تعلیمی سالوں کے دوران ہر سال دو اسکالرز) طلبا (کو معاونت فراہم کی جائے گی۔ یہ طلبا پاکستان کی مستقبل کی ترقی کے لیے اہم مضامین میں تعلیم حاصل کریں گے، جن میں مصنوعی ذہانت، ٹیکنالوجی، سائبر سیکیورٹی، ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن، معاشیات اور مالیاتی شمولیت شامل ہیں۔ برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے کہا کہ پاکستان کی سب سے بڑی طاقت اس کے عوام ہیں۔ یہ شراکت داری مستقبل کے ہونہار رہنماں کو برطانیہ کی عالمی معیار کی یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کرنے اور وہاں سے حاصل کردہ نئے خیالات کو اپنے وطن واپس لانے میں مدد دے گی۔ جین میریٹ نے کہا کہ یہ بات خاص طور پر خوش آئند ہے کہ ایک سابق چیوننگ اسکالر اب اگلی نسل کے لیے وہی دروازہ کھول رہے ہیں) جو کبھی ان کے لیے کھلا تھا (۔ یہ شراکت داری الائیڈ بینک کے صدر اور سی ای او، ایزید گل کے لیے ایک یادگار موڑ کی حیثیت رکھتی ہے، جنہوں نے خود 2001 میں ایک چیوننگ اسکالر کے طور پر یونیورسٹی آف مانچسٹر سے ایم ایس سی بزنس اکنامکس کی ڈگری حاصل کی تھی۔ پچیس سال بعد، وہ اب پاکستانی طلبا کی نئی نسل کے لیے وہی موقع فراہم کرنے میں مدد کر رہے ہیں۔ الائیڈ بینک لمیٹڈ کے صدر اور سی ای او، ایزید گل نے کہا کہ اے بی ایل-چیوننگ اسکالرشپ کا مقصد باصلاحیت پاکستانیوں کو سیکھنے، آگے بڑھنے اور وہاں حاصل کیے گئے تجربات و مشاہدات کو اپنے وطن واپس لانے کا موقع فراہم کرنا ہے۔ اس شراکت داری کے ذریعے، الائیڈ بینک رہنماں کی اگلی نسل کو تیار کرنے کے لیے اپنی حمایت کو مزید مستحکم کر رہا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ یہ تعاون انہیں وہ ضروری علم اور مہارتیں حاصل کرنے میں مدد دے گا جن کی بدولت وہ ملک کی خدمت کر سکیں گی۔

بقیہ نمبر 11 ☆☆☆

کی ذہانت کا موازنہ معروف سائنسدان آئزک نیوٹن سے کیا ہے۔ نجی نیوز چینل نے پروگرام میں بات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ وزیراعظم کا آئی کیو (IQ) نیوٹن کے آئی کیو کے قریب ہے۔ شہباز شریف کے کام کرنے کے انداز اور کابینہ کے اراکین کے بارے میں بات کرتے ہوئے حذیفہ رحمان نے بتایا کہ شہباز شریف صبح 6 بجے سے رات 10 بجے تک کام کرتے ہیں اور ہر ہفتے وفاقی کابینہ کا اجلاس منعقد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم بدعنوانی یا نااہلی کو ہرگز برداشت نہیں کرتے اور نہ ہی نااہل یا بدعنوان افراد کو اپنے قریب رہنے دیتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر کسی وزیر کی کارکردگی تسلی بخش نہ ہو، تو وہ وزیراعظم کے قریبی حلقے میں شامل رہنے کی توقع نہیں رکھ سکتا۔ ان کا کہنا تھا کہ شہباز شریف کی قابلیت کے پیمانے پر ہم پورا نہیں اتر سکتے، اگر ان کا بس چلے تو کابینہ کے 55 وزیروں میں سے 52 یا 53 فارغ ہوں گے اور 2 یا 3 ہی بچیں گے، میں اکثر کہتا ہوں کہ آئزک نیوٹن کے قریب آپ کا آئی کیو ہوگا، فارغ ہونے سے بچنے والوں میں میرا نام بھی ہوگا کیونکہ میرا آئی کیو بھی ان کے قریب قریب ہے۔

بقیہ نمبر 12 ☆☆☆

ٹیکنالوجی کے ساتھ رقوم کا تحفظ، خطرات سے نمٹنے میں بینکوں کا اہم کردار ہے، صارفین کو خدمات کی فراہمی میں بھی بینکوں کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ ریگولیٹری نظام میں ہر قسم کے ڈیجیٹل اثاثے اور ان کی معاشی سرگرمیوں کو الگ مدنظر رکھنا ہوگا، ورچوئل اثاثہ جات ایکٹ 2026 کے تحت، پاکستان میں قانونی فریم ورک قائم کیا گیا ہے، پیوارا، ورچوئل اثاثہ خدمات فراہم کرنے والوں کی لائسنسنگ اور نگرانی کی ذمے دار ہے۔

بقیہ نمبر 13 ☆☆☆

پر جاری بیان میں کہا کہ مکہ ریجن میں ایک ڈرون کی نشاندہی کے بعد اسے روک کر تباہ کر دیا گیا۔ ترجمان نے تاہم یہ نہیں بتایا کہ ڈرون کہاں سے آیا تھا اور اسے کس نے بھیجا تھا۔ رپورٹ کے مطابق سعودی عرب کو حالیہ عرصے میں متعدد مرتبہ حملوں کی لہروں کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ مکہ ریجن میں ڈرون روکنے کا یہ واقعہ بھی انہی واقعات کے تناظر میں سامنے آیا ہے۔ تاحال ڈرون کے ہدف، مقامِ پرواز اور ذمہ دار فریق کے بارے میں مزید تفصیلات جاری نہیں کی گئیں۔

بقیہ نمبر 14 ☆☆☆

جائیں۔ جناح میڈیکل کمپلیکس میں کم آمدن اور متوسط طبقے کو تشخیص کی جدید سہولیات فراہم کی جائیں۔ وزیراعظم نے پیٹ اسکین و دیگر جدید تشخیصی سہولیات کو منصوبے کا کلیدی حصہ بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عالمی سطح پر بہترین علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے نجی ادارے کی خدمات حاصل کی جائیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ جناح میڈیکل اینڈ ریسرچ سینٹر کا 59 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ مرکزی ہسپتال اور پارکنگ پلازہ کا بنیادی ڈھانچہ مکمل ہے۔ 403 بستروں پر مشتمل اس منصوبے کو 23 مارچ 2027 تک فعال کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ طبی آلات کی تنصیب و دیکھ بھال، ہسپتال کے ڈیجیٹل مینجمنٹ سسٹم اور دیگر انتظامی امور پر بھی پیش رفت جاری ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ ایچ الیون میں جناح میڈیکل اینڈ ریسرچ سینٹر کے فیز ٹو منصوبے پر نظرثانی شدہ ڈیزائن کے تحت قومی سطح پر مسابقتی بڈنگ کا عمل شروع کر دیا گیا ہے، تعمیراتی کام بھی جلد شروع ہو جائے گا۔ منصوبے کیلئے جدید تشخیصی مشینری و آلات کی خریداری پر بھی کام جاری ہے۔ اجلاس میں وفاقی وزرا احسن اقبال، احد خان چیمہ، سید مصطفیٰ کمال، طارق فضل چوہدری اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی

بقیہ نمبر 15 ☆☆☆

ایران جنگ کے لیے بھی تیار ہے اور اس نے اپنی انگلی ٹریگر پر رکھی ہوئی ہے، تاہم اس نے امریکی فریق کو ایک مضبوط اور منطقی جواب بھی دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب گیند امریکا کے کورٹ میں ہے اور جنگ کو روکنے کا فیصلہ واشنگٹن کے ہاتھ میں ہے۔ قالیباف کے بیان میں ایک طرف ایران کی عسکری تیاری کا اظہار کیا گیا ہے تو دوسری جانب امریکا کو سفارتی راستہ اختیار کرنے کا پیغام بھی دیا گیا ہے۔ ایرانی چیف مذاکرات کار کے مطابق تہران نے امریکی مؤقف کا جواب دے دیا ہے، اب یہ واشنگٹن پر منحصر ہے کہ وہ جنگ روکنے کے لیے کیا قدم اٹھاتا ہے۔

بقیہ نمبر 16 ☆☆☆

نے کہا ہے کہ میں چوہدری سالک حسین کو پنجاب حکومت کی کرپشن سے متعلق دعوے پر ہرجانے کا نوٹس بھجواں گی۔ انہوں نے کہا ہے کہ چوہدری سالک وفاقی وزیر ہیں، الزام لگانے کے بجائے ثبوت پیش کریں، اگر ان کے پاس ثبوت ہیں تو سامنے لائیں، ورنہ عدالت میں لے کر جاں گی، انہوں نے کہا کہ اگر اتنی کرپٹ حکومت ہے تو اس کے ساتھ وزیر بن کر کیوں بیٹھے ہو۔ مریم نواز نے کہا ہے کہ جو شخص سفارش پر آتا ہے وہ ملک اور عوام کا بیڑا غرق کرتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ لیپ ٹاپس اور اسکالرشپس دینے نہیں بلکہ طلبہ کی کامیابیوں کو ایک ماں کی حیثیت سے سراہنے آئی ہوں، یہ طلبہ کی محنت کی کمائی اور ان کا حق ہے، بہت سے بچوں نے وسائل کی کمی اور سیاسی طور پر بھڑکائے جانے کے باوجود محنت کا راستہ نہیں چھوڑا، ماضی کی باتیں نہیں کرنا چاہتی، خرابیوں کی نشاندہی کے بجائے مسائل کے حل کے لیے آئی ہوں، میں اپنی رپورٹ کارڈ لے کر آپ کے پاس آتی ہوں، اسے دیکھیں اور فیصلہ کریں۔ مریم نواز کا کہنا ہے کہ یہاں بیٹھے ہر بچے کی اپنی کہانی ہے، جو محنت اور جدوجہد کی کہانی ہے، ماضی میں ایسے بہت سے ضرورت مند اور قابل بچوں کو لیپ ٹاپس اور اسکالرشپس نہیں مل سکیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا ہے کہ وسائل کی کمی کے باعث اب کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہیں ہوگا، پنجاب واحد صوبہ ہے جو بچوں کو لیپ ٹاپس، اسکالرشپس اور موٹر بائیکس بھی فراہم کر رہا ہے، پنجاب میں 300 نواز شریف اسکولز آف ایمنینس قائم کیے جا رہے ہیں، تعلیم کا انقلاب خود بخود نہیں آیا بلکہ اس کے لیے محنت کی گئی ہے۔ مریم نواز نے کہا ہے کہ پنجاب کا ہر بچہ اور بچی مجھے اپنے بچوں کی طرح عزیز ہے، دن رات کوشش کر رہی ہوں کہ پنجاب خواتین کے لیے ایک محفوظ صوبہ بنے۔ ان کا کہنا ہے کہ جہاں پنجاب کی سرحد ختم ہوتی ہے، وہاں ترقی بھی ختم ہو جاتی ہے، میں ایسی وزیراعلیٰ نہیں جو صرف مسائل گنواتی رہے بلکہ مسائل کے حل کے لیے دن رات کام کرتی ہوں، سرکاری اسکولوں اور اسپتالوں کا معیار بہتر ہو رہا ہے، ستھرا پنجاب کے 2 لاکھ ملازمین صوبے کی صفائی کر رہے ہیں۔ مریم نواز نے بتایا ہے کہ ضلع اٹک میں 2 سال کے دوران 850 کلومیٹر سڑکیں تعمیر کی گئی ہیں اور اٹک میں گرین بسیں بھی چل رہی ہیں، اٹک کے لیے مزید گرین بسیں لے کر آئی ہوں اور ان کے افتتاح کے لیے طلبہ کو مدعو کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 17 ☆☆☆

شرائط مزید سخت کر سکتا ہے، جبکہ نئے بجٹ سے پہلے ریٹیل، ہول سیل اور زرعی شعبے سے ٹیکس وصولی میں پیشرفت کی تجویز دی گئی ہے۔ آئی ایم ایف نے پروفیشنلز سمیت ٹیکس نیٹ سے باہر تمام شعبوں کو ٹیکس دائرے میں لانے پر بھی زور دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق 7 ارب ڈالر کے قرض پروگرام کے تحت طے شدہ شرائط پوری کرنا لازمی ہے۔

بقیہ نمبر 18 ☆☆☆

کرنے اور اس کے خلاف کارروائی کو مؤثر بنانے کے لیے کام کرے گا۔ امریکی صدر نے ایک بار پھر دوٹوک مؤقف اختیار کیا کہ ایران کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرے گا

بقیہ نمبر 19 ☆☆☆

پاکستان توانائی درآمد کرنے والا ملک ہے اور عالمی صورتحال کے اثرات پاکستان پر بھی مرتب ہو رہے ہیں، خطے کے کئی ممالک میں ریفائنریز اور گیس پلانٹ بند ہیں۔

ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے چک نمبر 93ڈبلیو بی میں گندم کی بوائی کا افتتاح کر دیا

انہوں نے کہا کہ دنیا کے ہر ملک میں کوئی نہ کوئی ایسی انڈسٹری ہوتی ہے جو اس کی معیشت کو چلا رہی ہوتی ہے



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے چک نمبر 93ڈبلیو بی میں گندم کی بوائی کا افتتاح کر دیا۔اس موقع پر سپر سیڈر اور ربیع ڈرل مشینوں کے ذریعے کھیتوں میں گندم کی کاشت کے جدید طریقہ کار کا عملی مظاہرہ کیا گیا جبکہ کاشتکاروں کو زیادہ گندم اگاؤ مہم بارے آگاہی دینے کے لیے کسان کنونشن کا بھی انعقاد کیا گیا۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں زراعت کی ترقی اور کسانوں کی خوشحالی کے لیے مختلف اقدامات جاری ہیں۔کسان کارڈ، گرین ٹریکٹرز، سولر پروگرام اور زرعی آلات پر سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے جبکہ نہری پانی کی چوری کی روک تھام کے لیے بھی خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔حکومت پنجاب زراعت کے شعبے کی ترقی، غذائی تحفظ کو یقینی بنانے اور کسانوں کی خوشحالی کے لیے پرعزم ہے۔گندم پاکستان کی معیشت میں اہم کردار ادا کرتی ہے اور یہ ایک بنیادی غذائی ضرورت ہے، لہٰذا کسان زیادہ سے زیادہ رقبے پر گندم کاشت کریں۔انہوں نے کہا کہ دنیا کے ہر ملک میں کوئی نہ کوئی ایسی انڈسٹری ہوتی ہے جو اس کی معیشت کو چلا رہی ہوتی ہے جبکہ پاکستان میں زراعت اور زرعی انڈسٹری کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔کسان پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور ضلع وہاڑی ایک زرعی علاقہ ہے۔کاشتکار لیبر ایکسٹینسیو فارمنگ سے میکنائزڈ فارمنگ کی طرف آئیں اور جدید زرعی طریقہ کار سے استفادہ کریں۔حکومت پنجاب میکنائزڈ فارمنگ کے فروغ کے لیے جامع پروگرام لا رہی ہے۔جس کے تحت کسانوں کو بلاسود قرضے فراہم کیے جائیں گے تاکہ وہ جدید مشینری کے ذریعے زرعی پیداوار میں اضافہ کر سکیں۔

بیوپاری نے ٹمپر شدہ چیک دیکر ان پڑھ محنت کش کو32لاکھ75ہزار کا چونا لگا دیا

ذرائع سے معلوم ہوا کہ مذکورہ بیوپاری لوگوں کو پہلے اعتماد میں لیتا ہے پھر مال ڈنگر خرید کر رقم واپسی کے وقت رفوچکر ہو جاتا ہے

بوریوالا (صادق جانباز) بیوپاری نے ٹمپر شدہ چیک دیکر ان پڑھ محنت کش کو32لاکھ75ہزار کا چونا لگا دیا تفصیل کے مطابق ساہوکا کے علاقہ چک305ای بی کے رہائشی ان پڑھ محنت کش محمد اشرف جٹ کے ساتھ جملیرا کے رہائشی بیوپاری عمردراز جملیرا نے تعلقات قائم کر کے اشرف کو اعتماد دلا کر مبلغ32لاکھ75ہزار مالیت کی بھینسیں بطور امانت لیکر ایک ٹمپر شدہ اور جعلی دستخط کر کے چیک دے دیا جب محنت کش محمد اشرف چیک متعلقہ بنک لیکر گیا تو بنک عملہ نے دستخط میچ نہ ہونا اور ٹمپرنگ ہونے اور اکاؤنٹ میں رقم نہ ہونے کی بنا پر میمو لگا کر چیک واپس کر دیا تو محنت کش اشرف سرپیٹ کر رہ گیا اور حصول انصاف کے لیے تھانہ ساہوکا پولیس سے رجوع کر لیا جس پر پولیس تھانہ ساہوکا نے مقدمہ درج کر لیا باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا کہ مذکورہ بیوپاری لوگوں کو پہلے اعتماد میں لیتا ہے پھر مال ڈنگر خرید کر رقم واپسی کے وقت رفوچکر ہو جاتا ہے حکام بالا سے اپیل ہے کہ اس بیوپاری سے محنت کش اشرف کی رقم واپس دلا کر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے

کالج کے کھلاڑیوں نے مختلف کھیلوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متعدد پوزیشنیں اپنے نام کر لیں

کالج کی اس شاندار کارکردگی کو طلبہ کی محنت، اساتذہ کی بہترین رہنمائی اور کھیلوں کے فروغ کے لیے ادارے کی کاوشوں کا ثمر قرار دیا جا رہا ہے۔

بھاگٹانوالہ (محمد شفیق) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج بھاگٹانوالہ نے ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ (HED) پنجاب کے زیر اہتمام پانچویں انٹر کالجیٹ سپورٹس مقابلوں کے ڈویژنل سطح کے ایتھلیٹکس ایونٹس میں نمایاں کامیابیاں حاصل کر کے ادارے کا نام روشن کر دیا۔کالج کے کھلاڑیوں نے مختلف کھیلوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متعدد پوزیشنیں اپنے نام کر لیں۔تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج بھاگٹانوالہ کے طلبہ نے 100میٹر اور 200میٹر دوڑ میں دوسری، 400میٹر دوڑ میں تیسری، 1500میٹر دوڑ میں دوسری پوزیشن حاصل کی، جبکہ 4100میٹر ریلے ریس میں پہلی اور 4400میٹر ریلے ریس میں دوسری پوزیشن حاصل کر کے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔اسی طرح شاٹ پٹ، لانگ جمپ اور ہائی جمپ کے مقابلوں میں بھی دوسری پوزیشنیں حاصل کر کے شاندار کامیابیوں کا سلسلہ برقرار رکھا۔اس نمایاں کامیابی پر کالج کے پرنسپل میاں قاسم علی، سپورٹس کمیٹی، باصلاحیت ایتھلیٹس اور تمام اساتذہ و عملے کو مبارکباد پیش کی گئی۔کالج کی اس شاندار کارکردگی کو طلبہ کی محنت، اساتذہ کی بہترین رہنمائی اور کھیلوں کے فروغ کے لیے ادارے کی کاوشوں کا ثمر قرار دیا جا رہا ہے۔

بھاگٹانوالہ مین بازار میں جاری ترقیاتی کام سست روی کا شکار ہونے کے باعث شہریوں کی مشکلات میں اضافہ ہو گیا

شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ مین بازار بھاگٹانوالہ کے ترقیاتی کاموں میں تیزی لائی جائے

بھاگٹانوالہ (محمد شفیق) بھاگٹانوالہ مین بازار میں جاری ترقیاتی کام سست روی کا شکار ہونے کے باعث شہریوں کی مشکلات میں اضافہ ہو گیا، زیر تعمیر سڑک اور نامکمل کام نے آمدورفت کا نظام متاثر کر کے شہریوں کو شدید اذیت میں مبتلا کر دیا۔درجنوں سرکاری و نجی سکولوں، کالجوں، ہسپتالوں اور دفاتر میں جانے والے طلبا و طالبات، مریضوں اور عام شہریوں کو گزرنے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔تفصیلات کے مطابق مین بازار بھاگٹانوالہ میں جاری ترقیاتی منصوبے کی تکمیل میں تاخیر کے باعث روزانہ ہزاروں افراد متاثر ہو رہے ہیں۔تعلیمی اداروں میں جانے والے طلبا و طالبات کو بروقت پہنچنے میں مشکلات پیش آ رہی ہیں، جبکہ ہسپتالوں میں علاج معالجے کے لیے آنے والے مریضوں اور ان کے لواحقین کو بھی شدید پریشانی کا سامنا ہے۔بازار میں کاروباری سرگرمیاں بھی متاثر ہونے لگی ہیں اور شہریوں کے لیے آمدورفت دشوار ہو چکی ہے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ ترقیاتی کام عوام کی سہولت کے لیے شروع کیے جاتے ہیں، مگر طویل عرصے تک سست روی سے جاری رہنے والے منصوبے عوام کے لیے عذاب بن جاتے ہیں۔شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ مین بازار بھاگٹانوالہ کے ترقیاتی کاموں میں تیزی لائی جائے، منصوبے کو جلد از جلد مکمل کیا جائے اور عوام کو درپیش مشکلات کا فوری ازالہ کیا جائے۔

ایڈیشنل سیشن جج سرگودھا کا بڑا فیصلہ شہری کا گردہ ضائع کرنے پر ملزم کو 30سال قید

جبکہ دفعہ D-337تعزیرات پاکستان کے تحت مزید 10سال قید بامشقت اور ایک تہائی دیت کے برابر 64لاکھ 50ہزار 797روپے بطور ارش ادا کرنے کی سزا سنائی گئی۔



بھاگٹانوالہ (محمد شفیق) ایڈیشنل سیشن جج سرگودھا محمد اختر بھٹی نے تھانہ کینٹ سرگودھا میں درج مقدمہ ایف آئی آر نمبر 91/2024 کے کراس ورژن میں ملزم محمد عثمان خالد عرف مانی بڈھو ولد خالد فاروق، سکنہ چک نمبر 86شمالی، سرگودھا کو فائرنگ کر کے شہری اسد علی کا دایاں گردہ مستقل طور پر ضائع کرنے کے جرم میں مجموعی طور پر 30سال قید بامشقت اور بھاری مالی سزا سنا دی۔عدالت نے ملزم کو دفعہ 324تعزیرات پاکستان کے تحت 10سال قید بامشقت اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی۔مزید برآں دفعہ 334معہ دفعہ R-337تعزیرات پاکستان کے تحت 10سال قید بامشقت اور نصف دیت کے برابر 96لاکھ 76ہزار 195روپے بطور ارش ادا کرنے کا حکم دیا، جبکہ دفعہ D-337تعزیرات پاکستان کے تحت مزید 10سال قید بامشقت اور ایک تہائی دیت کے برابر 64لاکھ 50ہزار 797روپے بطور ارش ادا کرنے کی سزا سنائی گئی۔مقدمہ کی پیروی سرکار کی جانب سے حافظ حسن بشیر، اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر سرگودھا نے کی۔عدالت کے اس فیصلے کو انصاف کی فراہمی کے حوالے سے اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔

بھاگٹانوالہ کے لیے اعزاز، ڈاکٹر نعیم مظہر اہم عہدے پر فائز

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں مزید کامیابیاں عطا فرمائے اور وہ اپنی علمی و پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے علاقے کا نام روشن کرتے رہیں۔



بھاگٹانوالہ (محمد شفیق) بھاگٹانوالہ کے لیے فخر و اعزاز کی بات ہے کہ سابق ای ڈی او ایجوکیشن چوہدری مظہر محمد کے صاحبزادے ڈاکٹر نعیم مظہر کو نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز (NUML) اسلام آباد میں شعبہ جنوبی ایشیائی زبانوں کا سربراہ مقرر کر دیا گیا ہے۔ان کی اس کامیابی پر اہل علاقہ اور علمی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔اہل علاقہ نے ڈاکٹر نعیم مظہر کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس تقرری کو بھاگٹانوالہ کے لیے قابل فخر اعزاز قرار دیا۔دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں مزید کامیابیاں عطا فرمائے اور وہ اپنی علمی و پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے علاقے کا نام روشن کرتے رہیں۔

نوشہروفیروز میں انٹراسکولز اسپورٹس فیسٹیول 2026 کی پروقار اختتامی تقریب ہوئی

ضلع بھر کے سرکاری و نجی اسکولوں کے طلبا و طالبات نے ایتھلیٹکس، کرکٹ، فٹ بال، بیڈمنٹن اور مختلف مقامی کھیلوں میں حصہ لیا



نوشہروفیروز (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محکمہ کھیل، امور نوجوانان نوشہروفیروز، بحریہ کالج فاؤنڈیشن نوشہروفیروز اور محکمہ تعلیم نوشہروفیروز کے اشتراک سے منعقدہ انٹر اسکولز اسپورٹس فیسٹیول 2026 کی پروقار اختتامی و تقسیم انعامات کی تقریب کا انعقاد، اس موقع پر مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر محمد ارسلان سلیم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم کیساتھ ساتھ مثبت جسمانی سرگرمیاں، کھیل کود نوجوان نسل کی ذہنی و جسمانی نشوونما کیلئے نہایت ضروری ہیں، کھیل بچوں میں نظم و ضبط اور مقابلے کی فضا قائم کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں، اسپورٹس فیسٹیول کے دوران ضلع بھر کے سرکاری و نجی اسکولوں کے طلبا و طالبات نے ایتھلیٹکس، کرکٹ، فٹ بال، بیڈمنٹن اور مختلف مقامی کھیلوں میں حصہ لیا اور اپنی شاندار صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، تقریب کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر محمد ارسلان سلیم نے نمایاں کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں، فاتح اور رنراپ ٹیموں کے کپتانوں اور طالبات میں ٹرافیاں، میڈلز اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیئے، اس تقریب میں بحریہ فاؤنڈیشن کالج نوشہروفیروز، اسپیشل ایجوکیشن اور بحالی مرکز نوشہروفیروز، اسٹار پبلک اسکول نوشہروفیروز اور دیگر تعلیمی اداروں کی طالبات اور اساتذہ اور پرنسپل، ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر، محکمہ تعلیم کے افسران، تمام اسسٹنٹ کمشنرز، اسکولوں کے اساتذہ، صدر پریس کلب نوشہروفیروز یونس راجپر، طلبا و طالبات اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

پولیس اور بااثر افراد کے ستائے نوجوان نے خودکشی کر لی

پولیس کی جانب سے بااثر افراد کیساتھ ملکر بلاجواز تنگ کرنے پر دلبرداشتہ ہو کر زہریلی گولیاں کھا کر زندگی کا چراغ گل کر لیا،



نوشہروفیروز (محبت ملک) پولیس اور بااثر افراد کے ستائے نوجوان نے خودکشی کر لی، ورثا کا احتجاج تحقیقات کا مطالبہ، محراب پور پولیس تھانہ کی حدود عیدگاہ محلہ میں محنت کش نوجوان اکبر کبوہ نے محراب پور پولیس کی جانب سے بااثر افراد کیساتھ ملکر بلاجواز تنگ کرنے پر دلبرداشتہ ہو کر زہریلی گولیاں کھا کر زندگی کا چراغ گل کر لیا، اسپتال میں ورثاء نے احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ نذر اعوان نامی شخص نے گیس میٹر کے بہانے اکبر کبوہ کو تنگ کیا اور ڈی ایس پی محراب پور فتح محمد اعوان کے ذریعے پولیس نے انہیں پکڑ کر ٹارچر کیا، مسلسل ہراساں کرنے پر آج اس نے خودکشی کر لی، آئی جی سندھ پولیس جاوید عالم اوڈھو، ڈی آئی جی شہید بے نظیر آباد فیصل بشیر میمن، ایس ایس پی نوشہروفیروز میر روحل کھوسو نوٹس لیکر ہم سے انصاف کریں۔

گوٹھ گل محمد ابڑنگ کے رہائشیوں کی پریس کانفرنس پولیس حکام سے انصاف اور تحفظ فراہم کرنے کی اپیل


مبینہ جھوٹے مقدمات کی غیرجانبدارانہ تحقیقات کروائی جائیں اور انہیں تحفظ فراہم کرتے ہوئے انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں۔



ڈگری (عباس آرائیں) گوٹھ گل محمد ابڑنگ کے رہائشی عبدالرحمٰن ابڑنگ اور نور محمد ابڑنگ نے سٹی پریس کلب ڈگری میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ سمیر ابڑنگ ولد امان اللہ ابڑنگ اور عبدالقدیر ابڑنگ نے ان کے ساتھ بدتمیزی کی، جبکہ اس وقت ان کے ہمراہ بچے بھی موجود تھے۔انہوں نے بتایا کہ واقعے کے بعد متعلقہ تھانے میں درخواست جمع کروائی گئی، تاہم ان کے بقول پولیس کی جانب سے کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ان کا کہنا تھا کہ جب وہ واپس گاؤں پہنچے تو مذکورہ شخص نے دوبارہ ان کے ساتھ جھگڑا کیا، گالم گلوچ کی اور بعد ازاں ان کے خلاف مبینہ طور پر جھوٹا مقدمہ درج کروایا۔متاثرین نے الزام عائد کیا کہ مخالف فریق کی جانب سے انہیں مسلسل دھمکیاں دی جا رہی ہیں کہ ہم آپ کی زمینوں پر قبضہ کریں گے، یہ جگہ چھوڑ دو۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ ان کے پاس واقعے کی بعض ویڈیوز بھی موجود ہیں، جن میں مبینہ طور پر مخالف فریق کے افراد کو اسلحہ اٹھائے خوف و ہراس پھیلاتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔انہوں نے مزید الزام عائد کیا کہ مخالف فریق کی جانب سے ان کے خلاف سات افراد پر ایف آئی آر درج کروائی گئی ہے، جبکہ ان کے موقف کے مطابق مخالف فریق خود موٹر سائیکل سے گر کر زخمی ہوا تھا۔پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے بتایا کہ ان کے 70سال سے زائد عمر کے والد کو پولیس نے گرفتار کیا، جنہیں دوران حراست دل کا دورہ پڑنے پر اسپتال منتقل کرنا پڑا، تاہم بعد ازاں انہیں چالان کر دیا گیا۔آخر میں انہوں نے آئی جی سندھ پولیس، ڈی آئی جی میرپورخاص اور ایس ایس پی میرپورخاص سے مطالبہ کیا کہ واقعے کا فوری اور شفاف نوٹس لیا جائے، مبینہ جھوٹے مقدمات کی غیرجانبدارانہ تحقیقات کروائی جائیں اور انہیں تحفظ فراہم کرتے ہوئے انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں۔

خیرپور میں مرد و خواتین ووٹرز میں 70ہزار کا صنفی فرق ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کا اظہار تشویش

اجلاس میں محکمہ اطلاعات کے امان اللہ چنا، اسسٹنٹ الیکشن کمشنر آصف امیر، این جی اوز، نادرا، سوشل ویلفیئر اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی ہے



خیرپور (قلندر بخش سندرانی) ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر خیرپور خالد حسین لنڈ کی زیرصدارت آئی سی سی اور ای سی پی کے حوالے سے ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر آفس خیرپور میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ووٹر رجسٹریشن، مردوں اور خواتین کے ووٹوں میں موجود صنفی فرق (Gender Gap) اور عوامی آگاہی سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر خالد حسین لنڈ نے بتایا کہ ضلع خیرپور میں مرد اور خواتین کے رجسٹرڈ ووٹوں میں تقریباً 70ہزار کا فرق موجود ہے، جس میں مرد ووٹرز کی تعداد خواتین کے مقابلے میں زیادہ ہے۔انہوں نے کہا کہ اس فرق کو ختم کرنے اور خواتین کی ووٹر رجسٹریشن میں اضافہ کرنے کے لیے متعلقہ مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ضروری ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ ووٹر رجسٹریشن کے عمل میں درپیش مسائل کے حل کے لیے جلد ڈپٹی کمشنر خیرپور کو خط لکھا جائے گا، جبکہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اور متعلقہ چیئرمینوں کے ساتھ بھی اجلاس منعقد کیا جائے گا تاکہ تمام مسائل کا ازالہ کیا جا سکے۔اس کے علاوہ ضلع کی تمام آٹھ تحصیلوں میں ووٹر رجسٹریشن کے عمل کو مزید مؤثر بنانے کے لیے جلد ایم آر وی موبائل رجسٹریشن وین سروس شروع کی جائے گی، جس کے ذریعے عوام کو ان کی دہلیز کے قریب رجسٹریشن کی سہولیات فراہم کی جا سکیں گی۔اس موقع پر لوکل گورنمنٹ کے نمائندے نے بتایا کہ پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کے پیدائشی سرٹیفکیٹ اور ڈیتھ سرٹیفکیٹ کے اجرا کے لیے حکومت کی جانب سے کوئی فیس مقرر نہیں کی گئی۔انہوں نے کہا کہ ضلع میں قائم 88ٹاؤن کمیٹیوں کے یونین کونسل سیکرٹریز کے ساتھ مؤثر رابطہ اور تعاون ضروری ہے۔عوام میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے ہر یونین کونسل میں معلوماتی بینرز آویزاں کیے جائیں تاکہ شہریوں کو ان سہولیات سے متعلق آگاہی حاصل ہو اور وہ ان سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں۔اجلاس میں مزید بتایا گیا کہ 3 دسمبر کو معذور افراد کا عالمی دن منایا جائے گا۔اجلاس میں محکمہ اطلاعات کے امان اللہ چنا، اسسٹنٹ الیکشن کمشنر آصف امیر، این جی اوز، نادرا، سوشل ویلفیئر اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی ہے

ضلع میں امن و امان، گڈ گورننس اور ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کہروڑپکا کی بیوٹی فکیشن کیلئے افسران شہر و اطراف کا وزٹ ضرور کریں، دنیاپور بائی پاس پر بھی پودے لگائے جائیں،



لودھراں (چوہدری منیر) ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی لودھراں کا اجلاس، وزیر مملکت برائے پاور ڈویژن عبدالرحمٰن خان کانجو نے صدارت کی۔اجلاس میں ایم پی اے شازیہ حیات ترین، ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد اشرف، ڈی پی او بینش فاطمہ، عمیر خان بلوچ، امداد اللہ عباسی سمیت سرکاری محکموں کے افسران شریک تھے۔اجلاس میں امن و امان، گڈ گورننس، ترقیاتی منصوبوں اور دیگر انتظامی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ضلع کی ترقی، خوشحالی، مسائل حل کے لئے سیاسی قائدین، انتظامی و ضلعی افسران متفق ہیں۔اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، کوالٹی ورک اور عوامی ریلیف کو یقینی بنانے کے عزم کا اظہار بھی کیا گیا۔تعمیر ہونے والی شاہراہوں کے اطراف میں شجرکاری نہ ہونے کا نوٹس بھی لیا گیا۔ڈی پی او بینش فاطمہ نے ضلع لودھراں میں لا اینڈ آرڈر کی صورت حال پر بریفنگ دی۔وزیر مملکت خان عبدالرحمٰن خان کانجو نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع کی ترقی اور بہتر عوامی معیار زندگی کیلئے کوشاں ہیں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا پلیٹ فارم مشترکہ لائحہ عمل پر عمل درآمد کا بہترین ذریعہ ہے، تمام محکمے مشترکہ حکمت عملی سے عوامی مسائل کے حل کو یقینی بنائیں ضلع میں منشیات کی فروخت روکنے کیلئے باقاعدہ مہم چلائی جائے، آئے روز کے چالانوں سے شہری تنگ ہیں ٹریفک پولیس کی بے جا پابندیوں کا بھی نوٹس لیا جائے کہروڑپکا تا دھنوٹ روڈ پر شجرکاری کا جلد پلان دیا جائے کہروڑپکا کی بیوٹی فکیشن کیلئے افسران شہر و اطراف کا وزٹ ضرور کریں، دنیاپور بائی پاس پر بھی پودے لگائے جائیں


اسٹامپ فروشوں کی من مانیاں کورٹ فیس ٹکٹیں نایاب کر دیں

خزانہ سرکار میں فراوانی کے باوجود یہ لوگ مال خریداری سے انکاری۔حکومت کو ریونیو میں نقصان کا سبب بن گئے

لودھراں (چوہدری منیر سے) اسٹامپ فروشوں کی من مانیاں۔کورٹ فیس ٹکٹیں نایاب کر دیں۔خزانہ سرکار میں فراوانی کے باوجود یہ لوگ مال خریداری سے انکاری۔حکومت کو ریونیو میں نقصان کا سبب بن گئے۔عوام ذلیل و خوار ہو گئے۔دھکے کھانے پر مجبور۔لودھراں ڈپٹی کمشنر سے ان کے خلاف سخت قانونی ایکشن کا مطالبہ۔تفصیل کے مطابق لودھراں میں اسٹامپ فروش اپنے لائسنس کا صحیح استعمال نہ کر رہے ہیں کورٹ فیس ٹکٹ عوام کو فراہم کرنے کے یہ لوگ پابند ہیں مگر افسوس کہ کوئی بھی اسٹامپ فروش کورٹ فیس ٹکٹیں خزانہ سے نہ نکلواتا ہے اور نہ عوام کو فراہمی یقینی بناتا ہے جس کی وجہ سے عوام ذلیل و خوار ہو رہے ہیں۔پورا دن دھکے کھاتے پھرتے ہیں کورٹ فیس ٹکٹوں کو ان غافل اسٹامپ فروشوں نے مصنوعی طور پر نایاب کر رکھا ہے۔سرکار کو بھی ریونیو میں جھٹکا لگا رہے ہیں۔الٹا ٹکٹ مانگنے پر عوام کے ساتھ گالی گلوچ بدتمیزی کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ معمولی سی ٹکٹوں پر ہم اپنا سرمایہ بلاک یا باٹھ کیوں کریں اگر صحیح معنوں میں انکوائری کی جائے تو تقریباً اسٹامپ فروشوں کے لائسنس منسوخ ہو جائیں گے ان سے بہتر ہے کہ اسٹامپ پیپروں اور ٹکٹوں کے لیے فرنچائز بنائی جائیں تاکہ عوام صحیح طور پر فائدہ اٹھا سکیں اور سرکار کو بھی صحیح طور پر ریونیو حاصل ہو سکے۔عوامی سماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر لودھراں سے فوری انکوائری اور سخت قانونی ایکشن کا مطالبہ کیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

اس موقع پر ڈی ڈی ڈویلپمنٹ محمد افضال، سی او ضلع کونسل ساجد محمود، سب انجینئر راؤ عدیل اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا۔انہوں نے محمدی پارک کی اپ گریڈیشن اور میونسپل لائبریری کی تزئین و آرائش کے کام کا معائنہ کیا۔ڈپٹی کمشنر نے پارک میں مزید پودے لگانے اور لائبریری میں کتابیں موضوعات کے لحاظ سے ترتیب سے رکھنے کی ہدایت کی۔انہوں نے خواتین کے لیے پنک ریڑھی بازار کے قیام کے حوالے سے مختلف سائٹس کا بھی معائنہ کیا۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت پارکس کی اپ گریڈیشن جاری ہے، پارکس میں عوام کو بہترین تفریحی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں جبکہ لائبریری میں شہریوں کو مطالعے کے لیے بہترین ماحول میسر آئے گا۔انہوں نے کہا کہ خواتین کے لیے مخصوص ریڑھی بازار کے قیام کے لیے جلد سائٹس کا انتخاب کر لیا جائے گا۔اس موقع پر ڈی ڈی ڈویلپمنٹ محمد افضال، سی او ضلع کونسل ساجد محمود، سب انجینئر راؤ عدیل اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

ڈپٹی کمشنر کی زیرصدارت ٹریفک حادثات کی روک تھام اور روڈ سیفٹی اقدامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں حادثات کے ہاٹ سپاٹس، حادثات کی روک تھام کے لیے کیے گئے اقدامات اور کارروائیوں بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی زیرصدارت ٹریفک حادثات کی روک تھام اور روڈ سیفٹی اقدامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا ڈسٹرکٹ پولیس نے اجلاس میں شرکت کی۔اجلاس میں حادثات کے ہاٹ سپاٹس، حادثات کی روک تھام کے لیے کیے گئے اقدامات اور کارروائیوں بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی جبکہ خطرناک حادثات، اموات اور زخمیوں کی تعداد سے بھی آگاہ کیا گیا ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ ٹریفک حادثات کی روک تھام اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔حادثات کے حوالے سے خطرناک مقامات پر خصوصی توجہ دی جائے اور موٹر سائیکل سواروں کے لیے ہیلمٹ کی پابندی پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے انہوں نے کہا کہ حادثات کی روک تھام کے لیے خانیوال چوک میں سلپ ویز بنائے جا رہے ہیں شاہراہوں پر واضح لین مارکنگ ٹریفک سائن ایج اور سائن بورڈز نصب کیے جائیں جبکہ لنک روڈز پر سپیڈ بریکرز اور کیٹس بھی لگائی جائیں تاکہ لنک روڈ سے مین روڈ پر آنے والی ٹریفک کی رفتار کم کی جا سکے شاہراہوں سے تجاوزات کا خاتمہ بھی یقینی بنایا جائے ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تعلیمی اداروں اور عوامی مقامات پر روڈ سیفٹی آگاہی مہم تیز کی جائے جبکہ مساجد میں بھی روڈ سیفٹی بارے آگاہی اعلانات کرائے جائیں غلط سائیڈ پر آنے والی ٹریفک، موٹر سائیکلوں رکشوں اور ریڑھیوں کے خلاف مقدمات درج کیے جائیں۔ڈیوائیڈرز توڑنے والوں کے خلاف مقدمات کے اندراج اور گرفتاریوں کو یقینی بنایا جائے

ڈی پی او سے سابق نائب ناظم و معروف سیاسی سماجی شخصیت سردار جام مشتاق احمد نوناری کی ملاقات ہوئی

ضلع بھر میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، عوام الناس کو درپیش مسائل اور پولیس کے عوام دوست اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا



رکن پور (نمائندہ خصوصی) سابق نائب ناظم آباد پور، معروف سیاسی سماجی شخصیت و خادم قوم نوناری سردار جام مشتاق احمد نوناری نے ڈی پی او رحیم یار خان عرفان علی سموں سے ان کے آفس میں اہم ملاقات کی۔ملاقات کے دوران ضلع بھر میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، عوام الناس کو درپیش مسائل اور پولیس کے عوام دوست اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر سردار جام مشتاق احمد نوناری نے ڈی پی او رحیم یار خان عرفان علی سموں کی امن و امان کے قیام کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو قابل ستائش قرار دیا۔سردار جام مشتاق احمد نوناری کا کہنا تھا کہ عرفان علی سموں پنجاب پولیس کا قیمتی سرمایہ ہیں آپ ایک فرض شناس، نڈر، بے باک اور عوام دوست پولیس آفیسر ہیں۔آپ کی تعیناتی کے بعد ضلع رحیم یار خان میں جرائم کی شرح میں نمایاں کمی آئی ہے اور عوام کا پولیس پر اعتماد بحال ہوا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ڈی پی او عرفان علی سموں کی قیادت میں رحیم یار خان پولیس عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے دن رات کوشاں ہے جو لائق تحسین ہے پولیس اور عوام کے درمیان بہترین ہم آہنگی ہی پائیدار امن کی ضمانت ہے ڈی پی او رحیم یار خان عرفان علی سموں نے اس موقع پر کہا کہ عوام کے تعاون کے بغیر جرائم کا خاتمہ ممکن نہیں، معزز شہریوں کی جانب سے پولیس سے تعاون خوش آئند ہے اس موقع پر عبدالحق نوناری جمیل احمد قلندری موجود تھے۔

اسلحہ کے زور پر مبینہ طور پر جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے والے شخص کے خلاف مقدمہ درج

گگو منڈی پولیس نے نامزد ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے، جبکہ پولیس نے مزید قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

گگو منڈی (نامہ نگار) گگو منڈی کے نواحی گاؤں چک نمبر 255ای بی میں اسلحہ کے زور پر مبینہ طور پر جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے کے الزام میں پولیس نے ایک شخص کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔تفصیلات کے مطابق چک نمبر 255 ای بی کے رہائشی صہیب احمد نے پولیس کو درخواست دیتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ ملزم نے مبینہ طور پر اسلحہ کے زور پر اسے جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں۔متاثرہ شخص کی درخواست پر کارروائی کرتے ہوئے گگو منڈی پولیس نے نامزد ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے، جبکہ پولیس نے مزید قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

ڈاکٹر کی مبینہ غیر حاضری کی کوریج کرنے پر فوٹوگرافر و صحافی جمیل شاہ کو مبینہ طور پر ہراساں کیا گیا

محکمہ صحت کے مبینہ دوہرے معیار پر شہریوں اور سول سوسائٹی کے شدید تحفظات، ڈاکٹر کو تحفظ، صحافی کی گرفتاری اور ڈسپنسر طالب علم کا داخلہ منسوخ



وہاڑی (شہزاد عابد سے) ضلع وہاڑی میں محکمہ صحت اور متعلقہ اداروں کے مبینہ متضاد طرز عمل پر شہریوں، سول سوسائٹی اور صحافتی حلقوں نے شدید تشویش اور تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ایک جانب چند روز قبل ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال وہاڑی میں ڈاکٹر کی مبینہ غیر حاضری کی کوریج کرنے والے فوٹوگرافر و صحافی جمیل شاہ کو مبینہ طور پر ہراساں کرنے، موقع پر پولیس بلوا کر گرفتار کروانے اور ان کے خلاف مقدمہ درج کروانے کا واقعہ سامنے آیا، جبکہ دوسری جانب سوشل میڈیا پر ویڈیو بنانے اور شیئر کرنے کے معاملے پر ڈسپنسر کورس کے ایک طالب علم کو داخلے سے خارج کیے جانے پر بھی سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔شہریوں کے مطابق صحافی جمیل شاہ نے چند روز قبل ہسپتال میں ڈاکٹر کی مبینہ غیر حاضری کی نشاندہی کرتے ہوئے کوریج کی تھی، جس کے بعد پیش آنے والے واقعے میں انہیں پولیس کے ذریعے گرفتار کروایا گیا اور ان کے خلاف مقدمہ بھی درج ہوا۔اس واقعے کے دوران گرفتاری کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے سے صحافتی حلقوں میں بھی تشویش پیدا ہوئی تھی۔اب ڈسپنسر کورس کے طالب علم کو سوشل میڈیا ویڈیو کے معاملے پر کورس سے خارج کیے جانے کے اقدام نے محکمہ صحت کے طرز عمل اور فیصلوں میں یکساں معیار کے حوالے سے مزید سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔سول سوسائٹی اور شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف ہسپتال میں ڈاکٹرز کی ڈیوٹی اور مریضوں کو طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق شکایات پر مؤثر کارروائی کے حوالے سے سوالات موجود ہیں، جبکہ دوسری طرف عوامی مسائل کی نشاندہی کرنے والے صحافی کو قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑا اور اب ایک طالب علم کے تعلیمی مستقبل کو بھی متاثر کیا گیا ہے۔شہریوں نے سوال اٹھایا کہ اگر کسی صحافی یا طالب علم کی جانب سے ویڈیو بنانا یا سوشل میڈیا پر شیئر کرنا قابل اعتراض تھا تو اس معاملے کو یکساں قانونی اصولوں اور شفاف تحقیقات کے تحت کیوں نہ دیکھا گیا؟ ان کے مطابق کسی بھی شخص کے خلاف کارروائی کرتے وقت عہدے، حیثیت یا ادارے سے وابستگی کے بجائے قانون اور قواعد کو یکساں طور پر لاگو ہونا چاہیے۔شہریوں نے مزید کہا کہ ہسپتالوں میں مریضوں کے حقوق کا تحفظ، ڈاکٹرز کی حاضری یقینی بنانا اور عوامی شکایات کا ازالہ محکمہ صحت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔صحافیوں کا کام عوامی مسائل کو اجاگر کرنا ہے، اس لیے کوریج یا نشاندہی پر ہراساں کیے جانے کے تاثر کو ختم کرنا ضروری ہے۔اسی طرح کسی طالب علم کے خلاف تعلیمی کارروائی بھی مکمل شفافیت، متعلقہ قواعد اور مؤثر سماعت کے بعد ہی ہونی چاہیے۔شہریوں، سول سوسائٹی اور صحافتی حلقوں نے کمشنر ملتان اور وزیراعلیٰ پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ دونوں معاملات کا نوٹس لیتے ہوئے صحافی جمیل شاہ کے خلاف مقدمے اور گرفتاری کے پس منظر، ہسپتال میں ڈاکٹر کی مبینہ غیر حاضری اور ڈسپنسر کورس کے طالب علم کے داخلے کی منسوخی کی غیرجانبدارانہ تحقیقات کروائی جائیں۔ذمہ داران کا تعین کر کے قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور طالب علم کے تعلیمی مستقبل کے حوالے سے بھی انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری اداروں میں شفافیت، جوابدہی اور یکساں قانون کی عملداری ہی عوام کا اعتماد بحال کر سکتی ہے، اس لیے دونوں واقعات کی حقائق پر مبنی تحقیقات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔واضح رہے کہ صحافی جمیل شاہ کی گرفتاری کا واقعہ چند روز قبل پیش آیا تھا، جبکہ ڈسپنسر طالب علم کے داخلے کی منسوخی کا معاملہ الگ سے زیر بحث ہے متعلقہ محکمہ صحت، ہسپتال انتظامیہ اور پولیس کا باضابطہ موقف سامنے آنے پر اسے بھی خبر کا حصہ بنایا جائے گا۔

پشاور میں اسٹریٹ کرائمز کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ سنیچرز اور راہزنوں کے خلاف بھرپور کارروائی ہوگی

جبکہ آئندہ چند روز کے دوران اسٹریٹ کریمنلز، سنیچرز اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن شروع کرنے کی تیاری کر لی گئی ہے



پشاور (بیورو چیف) کیپٹل سٹی پولیس پشاور نے شہر میں بڑھتے ہوئے اسٹریٹ کرائمز، راہزنی، موبائل فون اور نقدی چھیننے کی وارداتوں سمیت دیگر جرائم کی روک تھام کے لیے سخت اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جبکہ آئندہ چند روز کے دوران اسٹریٹ کریمنلز، سنیچرز اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن شروع کرنے کی تیاری کر لی گئی ہے۔اس سلسلے میں کیپٹل سٹی پولیس آفیسر (سی سی پی او) پشاور ڈاکٹر میاں سعید احمد کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہر کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، اسٹریٹ کرائمز کی روک تھام، جرائم کے ہاٹ اسپاٹس کی نشاندہی اور پولیس کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس کے دوران جرائم کی بیخ کنی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ پولیس افسران کو نئی گائیڈ لائنز جاری کرتے ہوئے عملی اقدامات مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کی گئی۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ شہر کے ان علاقوں کی نشاندہی کی جائے گی جہاں اسٹریٹ کرائمز کی وارداتیں زیادہ رپورٹ ہوتی ہیں، تاکہ ہاٹ اسپاٹ پولیسنگ کے تحت ایسے مقامات پر پولیس نفری کی تعیناتی، گشت اور نگرانی میں اضافہ کیا جا سکے۔جرائم کے زیادہ خطرے والے علاقوں میں مخصوص اوقات کے دوران پولیس کی موجودگی بڑھانے، ناکہ بندیوں اور داخلی و خارجی راستوں پر اسنیپ چیکنگ کو مزید سخت کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔سی سی پی او پشاور نے اسٹریٹ کریمنلز، سنیچرز، راہزنوں اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کرنے کا حکم دیتے ہوئے واضح کیا کہ شہریوں کو لوٹنے اور خوف و ہراس پھیلانے والے عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں کی جائیں۔پولیس پٹرولنگ اور اسنیپ چیکنگ کے نظام کی نگرانی متعلقہ ڈویژنل ایس پیز اور ایس ڈی پی اوز خود کریں گے، جبکہ کارروائیوں کے نتائج اور پیش رفت کا باقاعدہ جائزہ لیا جائے گا۔اجلاس میں قبضہ مافیا، منشیات فروشوں، اشتہاری مجرمان، سودخوروں، قمار بازوں، انڈر پلے میں ملوث عناصر، عادی جرائم پیشہ افراد اور دیگر معاشرتی برائیوں میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیوں کی ہدایت بھی کی گئی۔متعلقہ افسران کو حکم دیا گیا کہ جرائم پیشہ نیٹ ورکس کی نشاندہی کر کے ان کے خلاف قانون کے مطابق مؤثر اقدامات کیے جائیں اور کسی بھی دباؤ یا رعایت کے بغیر کارروائی کو یقینی بنایا جائے۔نیشنل ایکشن پلان کے تحت شہر اور اس کے مضافاتی علاقوں میں سرچ اینڈ اسٹرائیک آپریشنز مزید تیز کرنے، مشتبہ عناصر کی نگرانی اور جرائم کی روک تھام کے لیے مربوط حکمت عملی اپنانے پر بھی زور دیا گیا

موٹروے پولیس سیکٹر 2-ملتان اور کڈز کیئر ہسپتال کے درمیان MOU پر دستخط

اہل خانہ کے علاج معالجے کے اخراجات میں کمی اور بچوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے ایک اہم فلاحی اقدام ہے۔



لودھراں (چوہدری منیر سے) موٹروے پولیس سیکٹر 2-ملتان اور کڈز کیئر ہسپتال ملتان کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط موٹروے پولیس کے ملازمین، ریٹائرڈ اہلکاروں، شہدا کے بچوں کو طبی سہولیات پر خصوصی رعایت فراہم کی جائے گی، ملازمین کی فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ ان کی صحت بھی اولین ترجیح ہے ایس پی محمد کاشف رحیم کڈز کیئر ہسپتال ملتان اور نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس سیکٹر دو این پانچ ملتان کے درمیان ملازمین کی فلاح و بہبود کے لئے مفاہمتی یادداشت (MOU) پر دستخط کیے گئے اس معاہدے کا مقصد موٹروے پولیس کے حاضر سروس، ریٹائرڈ ملازمین، شہدا کے بچوں کو معیاری طبی سہولیات رعایتی نرخوں پر فراہم کرنا ہے۔کڈز کیئر ہسپتال ملتان بچوں کے علاج معالجہ کے لئے خصوصی اہمیت کا منفرد ادارہ ہے یہاں پر بچوں کے تمام امراض کے ماہر ڈاکٹرز اور دیگر جدید سہولیات موجود ہیں جو ملتان کے کسی اور ہسپتال میں دستیاب نہیں۔مفاہمتی یادداشت کے تحت کڈز کیئر ہسپتال ملتان میں بچوں کے ماہر ڈاکٹروں کی او پی ڈی مشاورت کی فیس میں 50فیصد رعایت جبکہ ان ڈور علاج، جراحی کے عمل اور ایمرجنسی طبی سہولیات پر 20فیصد رعایت فراہم کی جائے گی۔اسی طرح لیبارٹری ٹیسٹ، الٹراساؤنڈ، ریڈیالوجی اور دیگر تشخیصی سہولیات پر بھی 20فیصد رعایت دی جائے گی۔معاہدے کے تحت بچوں کے لیے 24گھنٹے ایمرجنسی طبی سہولیات تک ترجیحی رسائی بھی فراہم کی جائے گی۔اس موقع پر سیکٹر کمانڈر این5-، سیکٹر 2-ملتان، ایس پی محمد کاشف رحیم نے کہا کہ این ایچ ایم پی کے افسران و ملازمین کی فلاح و بہبود اور ان کے اہل خانہ کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔کڈز کیئر ہسپتال ملتان کے ساتھ یہ مفاہمتی یادداشت ملازمین کے بچوں کو بہتر طبی سہولیات رعایتی نرخوں پر فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمارا عزم ہے کہ افسران و ملازمین اور ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کے لیے ایسے اقدامات جاری رکھے جائیں تاکہ وہ ذہنی سکون کے ساتھ اپنے فرائض منصبی ادا کر سکیں

منشیات فروش پولیس کے ہتھے چڑھ گیا20لٹر شراب برآمد

یاد رہے کہ ایس ایچ او گگو منڈی حسن آفتاب کیانی کی طرف سے منشیات کے خلاف خصوصی مہم ہے

گگو منڈی (نمائندہ خصوصی) منشیات فروش گرفتار20لٹر شراب برآمد نیامت سکھیرا شراب لئے قائداعظم چوک میں موجود تھا کہ پولیس کے ہتھے چڑھ گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ایس ایچ او گگو منڈی حسن آفتاب کیانی کو مخبر نے اطلاع دی کہ چک نمبر245۔ای بی کا رہائشی منشیات فروش نیامت سکھیرا قائداعظم چوک میں شراب سپلائی کرنے جا رہا ہے جس پر انہوں نے پولیس پارٹی روانہ کی جنہوں نے چھاپہ مار کر ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 20لٹر دیسی شراب برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے یاد رہے کہ ایس ایچ او گگو منڈی حسن آفتاب کیانی کی طرف سے منشیات کے خلاف خصوصی مہم ہے اور ان کا کہنا ہے کہ تھانہ گگو منڈی کی حدود میں منشیات فروشی کو برداشت نہیں کیا جائیگا پولیس پوری طاقت کے ساتھ منشیات فروشوں کے خاتمے کا عزم۔کیے ہوئے ہے

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما ملک پرویز اختر ناصر انتقال کر گئے

نماز جنازہ میں صحافیوں، سیاسی و سماجی شخصیات، معززین علاقہ اور عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی

راولپنڈی (عباس ملک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما ملک پرویز اختر ناصر انتقال کر گئے مرحوم کو نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ میں صحافیوں، سیاسی و سماجی شخصیات، معززین علاقہ اور عزیز و اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر گورنر پنجاب کے مذہبی کوآرڈینیٹر ملک شیر فلکی المعروف گولڑوی نے مرحوم کے صاحبزادے ذیشان ملک سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ ملک پرویز اختر ناصر ایک مخلص سیاسی و سماجی شخصیت تھے جنہوں نے اپنی زندگی عوامی خدمت اور سماجی بھلائی کے لیے وقف کیے رکھی۔ان کی سیاسی و سماجی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔مرحوم کی وفات سے اہل علاقہ ایک اہم شخصیت سے محروم ہو گئے ہیں ملک شیر فلکی المعروف گولڑوی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ان کی مغفرت فرمائے اور تمام اہل خانہ بالخصوص ذیشان ملک کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت اور صبر جمیل عطا فرمائے آمین۔

ڈاکٹر محمد عرفان چودھری ایک خوبصورت شخصیت بہترین اخلاق اعلیٰ ظرفی اور بے مثال صحافتی جذبے کے مالک ہیں


آپ کا قلم ہمیشہ حق کی آواز بلند کرتا رہے، اور آپ کی صحافتی خدمات کو عزت و پذیرائی ملتی رہے



وہاڑی (شہزاد عابد سے) سینئر صحافی، یگ جرنلسٹ گروپ کے گروپ لیڈر 92نیوز چینل اور روزنامہ دنیا کے نمائندے ڈاکٹر محمد عرفان چودھری ایک خوبصورت شخصیت، بہترین اخلاق، اعلیٰ ظرفی اور بے مثال صحافتی جذبے کے مالک ہیں۔آج ان کی سالگرہ کے پرمسرت موقع پر انفارمیشن سیکرٹری حکیم محمد شمعون نذیر کھوکھر کی جانب سے انہیں دلی مبارکباد اور نیک تمناں کا اظہار کیا جاتا ہے۔ڈاکٹر محمد عرفان چودھری کی شخصیت کا سب سے نمایاں پہلو ان کا صحافی برادری کے ساتھ مخلصانہ رویہ، بے لوث تعاون اور مشکل وقت میں اپنے ساتھیوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہونا ہے۔دن ہو یا رات، دوپہر ہو یا شام، شدید گرمی ہو یا سردی، جب بھی کسی صحافی کو مشکل، پریشانی یا کسی مسئلے کا سامنا کرنا پڑا، ڈاکٹر محمد عرفان چودھری نے بروقت متحرک ہو کر نہ صرف رہنمائی کی بلکہ اپنے ساتھیوں کی مدد اور حوصلہ افزائی میں بھی بھرپور کردار ادا کیا۔ان کا یہی جذبہ، خلوص اور ساتھیوں کے لیے ہر وقت دستیاب رہنے کی خوبی انہیں دیگر افراد سے ممتاز کرتی ہے۔وہ اس سوچ کے عملی علمبردار ہیں کہ صحافت صرف خبر دینے کا نام نہیں بلکہ اپنے ساتھیوں کے دکھ درد میں شریک ہونے، حق کے لیے آواز بلند کرنے اور صحافتی برادری کے اتحاد کو مضبوط بنانے کا نام بھی ہے۔ڈاکٹر محمد عرفان چودھری کے لیے خوبصورت شعری خراج تحسین ہو وقت مشکل میں اپنے لوگوں کے ساتھ چلتا ہے وہی دلوں میں محبت کے دیپ جلاتا ہے خلوص، وفا اور خدمت ہو جس کی پہچان، ایسے ہی لوگوں سے روشن ہے صحافت کا جہان۔سالگرہ کے اس خاص دن پر دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر محمد عرفان چودھری کو صحت و تندرستی، خوشیوں، عزت، کامیابیوں اور رزق حلال میں برکت سے نوازے انہیں عمر خضر عطا فرمائے، ہر قدم پر کامیابی نصیب کرے اور انہیں اسی طرح صحافی برادری کی خدمت مظلوم کی آواز بننے اور اپنے ساتھیوں کے لیے آسانیاں پیدا کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین ثم آمین سالگرہ مبارک ڈاکٹر محمد عرفان چودھری صاحب !آپ جیسے مخلص، بااخلاق اور باہمت ساتھی صحافتی برادری کا قیمتی سرمایہ ہیں۔اللہ تعالیٰ آپ کے وجود کو ہمیشہ خوشیوں محبتوں اور کامیابیوں کا سبب بنائے اللہ کرے آپ کا قلم ہمیشہ حق کی آواز بلند کرتا رہے، اور آپ کی صحافتی خدمات کو عزت و پذیرائی ملتی رہے

وقت کی ضرورت ہے کہ ہم جزوی اختلافات بھلا کر متحد ہو جائیں: علامہ حامد سعید کاظمی


پیر خالد سلطان القادر یقادیانیوں کو کلیدی عہدوں اور اقوام متحدہ کے منصب سے فوری برطرف کیا جائے



رکن پور (نمائندہ خصوصی) وقت کی ضرورت ہے کہ ہم جزوی اختلافات بھلا کر متحد ہو جائیں: علامہ حامد سعید کاظمی، پیر خالد سلطان القادر یقادیانیوں کو کلیدی عہدوں اور اقوام متحدہ کے منصب سے فوری برطرف کیا جائے: ڈاکٹر حمزہ مصطفائی، وسیم ممتاز ایڈووکیٹ، الحاج صوفی احسان الحق فریدی، پیر اسلم رضوی، پیر حبیب اللہ شاہ، پیر ازہر شاہ ہمدانی و دیگر مرکزی قائدین سانحہ مرید کے کی جامع انکوائری اور مسجد رحمۃ للعالمین کو فوری کھولنے کا علماء و مشائخ کا مشترکہ اعلامیہ جاری: پیر سید خلیل الرحمٰن شاہ بخاری، علامہ فاروق خان سعیدی، قاری فیض بخش رضوی، پیر صاحبزادہ معاذ المصطفیٰ قادری، صاحبزادہ ذیشان کلیم معصومی، علامہ محمد عبدالغفور سعیدی جھلن و دیگر صوبائی قائدین جماعت اہل سنت پنجاب کے زیر اہتمام انٹرنیشنل سنی سیکرٹریٹ، کالا شاہ کاکو لاہور میں ایک عظیم الشان صوبائی ورکرز کنونشن کا انعقاد کیا گیا جس میں پنجاب بھر سے جماعت اہل سنت کے عہدیداروں علما، مشائخ اور کارکنان نے بھرپور شرکت کی۔کنونشن کی صدارت صوبائی امیر پیر سید خلیل الرحمٰن شاہ بخاری نے کی جبکہ کلیدی مرکزی خطاب سینئر نائب مرکزی امیر علامہ سید حامد سعید شاہ کاظمی نے کیا۔پروگرام کے مہمانان خصوصی میں مرکزی ناظم اعلیٰ پیر خالد سلطان القادری اور مرکزی چیف آرگنائزر الحاج صوفی احسان الحق فریدی شامل تھے کنونشن میں ممتاز علما و مشائخ اہل سنت ڈاکٹر حمزہ مصطفائی، وسیم ممتاز سعیدی ایڈووکیٹ، پیر سید ازہر شاہ ہمدانی، پیر امین آف مانکی، مفتی شیر محمد خان، پیر سید اسلم رضوی، علامہ سید ضمیر ساجد، پیر حبیب اللہ شاہ، پروفیسر غلام محی الدین جبکہ صوبائی قائدین صوبائی ناظم اعلیٰ علامہ حافظ محمد فاروق خان سعیدی، چیف آرگنائزر پیر صاحبزادہ معاذ المصطفیٰ قادری، ناظم کنونشن قاری فیض بخش رضوی اور صاحبزادہ ذیشان کلیم معصومی سمیت دیگر اہم رہنماؤں نے اپنے خطابات پیش کیے اور متفقہ مشترکہ اعلامیہ جاری کیا۔اپنے کلیدی خطاب میں سینئر نائب مرکزی امیر علامہ سید حامد سعید شاہ کاظمی اور مرکزی ناظم اعلیٰ پیر خالد سلطان القادری نے کہا کہ "وقت کی اہم ترین ضرورت ہے کہ ہم تمام جزوی اختلافات کو بھلا کر باہمی اتحاد و یگانگت کو فروغ دیں ڈاکٹر حمزہ مصطفائی، وسیم ممتاز ایڈووکیٹ، الحاج صوفی احسان الحق فریدی، پیر اسلم رضوی، پیر حبیب اللہ شاہ اور پیر ازہر شاہ ہمدانی نے خطاب کرتے ہوئے قادیانیوں کی بڑھتی ہوئی ریشہ دوانیوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔انہوں نے حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا کہ قادیانیوں کو تمام کلیدی و حساس عہدوں سے فی الفور ہٹایا جائے اور بالخصوص اقوام متحدہ میں تعینات قادیانی مستقل منصب کو فوری منسوخ کیا جائے۔قائدین نے خبردار کیا کہ "دشمن نادانوں کے ذریعے قومی سلامتی کو نقصان پہنچانا چاہتا ہے جس کا سدباب صرف بیداری اور شعور سے ممکن ہے پیر سید خلیل الرحمٰن شاہ بخاری، علامہ فاروق خان سعیدی، قاری فیض بخش رضوی پیر صاحبزادہ معاذ المصطفیٰ قادری، صاحبزادہ ذیشان کلیم معصومی، علامہ محمد عبدالغفور سعیدی جھلن اور دیگر صوبائی قائدین نے مشترکہ اعلامیہ پڑھ کر سناتے ہوئے کہا کہ سانحہ مریدکے پر ایک غیرجانبدار اور جامع انکوائری کمیٹی قائم کی جائے اور بے گناہ افراد کے خلاف درج تمام مقدمات فوراً واپس لیے جائیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کا آئین اسلامی قوانین کی ترویج و اشاعت اور عبادات کی مکمل ضمانت دیتا ہے، لہٰذا مسجد کی بندش آئین اور اسلام کے بنیادی منافی ہے

نہری پانی چوروں کے خلاف محکمہ انہار کا بڑا کریک ڈاؤن متعدد افراد گرفتار


کاشتکاروں کا کہنا ہے کہ ان اقدامات سے کسانوں کو ان کے حق کے مطابق نہری پانی کی فراہمی میں مدد ملے گی۔



قائم پور (سپیشل رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات پر محکمہ انہار کی جانب سے نہری پانی چوری کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔چیف انجینئر محکمہ انہار بہاولپور فیصل مشتاق، ایس ای بہاولپور محمد بن خورشید، ایکسین ہیڈ اسلام ورکس جاوید رسول، ایس ڈی او ذکا اللہ اور سب انجینئر عبید الرحمٰن کی نگرانی و کاوشوں سے پانی چوروں کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لائی گئی ہے۔انہار حکام کے مطابق نہری پانی چوری میں ملوث متعدد افراد کو گرفتار کر کے حوالات منتقل کیا جا چکا ہے، جبکہ پانی چوری کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات جاری ہیں۔حکام کا کہنا ہے کہ نہری پانی چوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور کاشتکاروں کو ان کے حصے کا پانی فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔محکمہ انہار کے افسران کا مقصد ہے کہ پانی چوری کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی تاکہ نہری نظام میں پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جا سکے۔دوسری جانب مقامی کاشتکاروں اور اہل علاقہ نے پانی چوروں کے خلاف کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے چیف انجینئر فیصل مشتاق، ایس ای محمد بن خورشید، ایکسین جاوید رسول، ایس ڈی او ذکا اللہ، سب انجینئر عبیدالرحمٰن سمیت محکمہ انہار کے عملے اور صوبائی وزیر ایریگیشن میاں کاظم علی پیرزادہ کا شکریہ ادا کیا ہے۔کاشتکاروں کا کہنا ہے کہ ان اقدامات سے کسانوں کو ان کے حق کے مطابق نہری پانی کی فراہمی میں مدد ملے گی۔

بھرتیوں کا عمل شفاف اور میرٹ پر مکمل کرنے کا عزم ڈپٹی کمشنر خیرپور

انہوں نے مزید کہا کہ اہل اور قابل امیدواروں کے انتخاب کے لیے مقررہ قواعد و ضوابط اور معیار پر مکمل عملدرآمد کیا جائے۔



خیرپور (قلندر بخش سندرانی) ڈپٹی کمشنر خیرپور الطاف احمد چاچڑ کی نگرانی میں محکمہ اینٹی کرپشن میں گریڈ 05سے 15تک مختلف آسامیوں پر بھرتیوں کے سلسلے میں دو خالی آسامیوں کے لیے امیدواروں کے انٹرویوز ڈپٹی کمشنر آفس خیرپور کے کچل سرمست ہال میں منعقد کیے گئے۔انٹرویوز کے دوران جونیئر کلرک اور اکاؤنٹس اسسٹنٹ کی آسامیوں کے لیے امیدواروں کی تعلیمی قابلیت، اہلیت اور مقررہ معیار کے مطابق جانچ پڑتال کی گئی۔اس موقع پر سلیکشن اینڈ ریکروٹمنٹ کمیٹی کے چیئرمین و ڈپٹی کمشنر خیرپور الطاف احمد چاچڑ، ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن خیرپور احمد علی شیخ (DD ACE) اور سیکشن آفیسر ایس جی اے اینڈ سی ڈی مشتاق علی لنڈ (SO SGA&CD) بھی موجود تھے۔ڈپٹی کمشنر خیرپور الطاف احمد چاچڑ نے اس موقع پر کہا کہ بھرتیوں کے عمل کو شفاف، غیرجانبدار اور میرٹ کے اصولوں کے مطابق مکمل کرنے کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ اہل اور قابل امیدواروں کے انتخاب کے لیے مقررہ قواعد و ضوابط اور معیار پر مکمل عملدرآمد کیا جائے۔